websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | منگل 27۔ اکتوبر 2026ء بمطابق 15 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 294

عالمی برادری تنازعہ جموں وکشمیر کے منصفانہ حل کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرے، صدر، وزیر اعظم

عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیمیں بھارتی غیرقانونی زیر تسلط کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، زرداری

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن و استحکام کا قیام جموں وکشمیر کے تنازعے کے منصفانہ اور پُرامن حل کے بغیر ممکن نہیں، شہبازشریف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہبازشریف نے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ اور بین الاقوامی انسانی حقوق تنظیموں پر زور دیا ہے کہ وہ بھارتی غیرقانونی زیرتسلط جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا

بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

کشمیری عوام حق خودارادیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، صدر وزیراعظم آزاد کشمیر

تحریک آزادی کو حکومتِ پاکستان، اہلیان پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کی بھرپور اخلاقی حمایت حاصل ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے کہا ہے کہ کشمیری عوام اپنی آزادی اور حق خودارادیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

باصلاحیت طلبہ کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعلیٰ

وسائل کے دانشمندانہ استعمال اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے زیادہ سے زیادہ طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں معاونت فراہم کی جائے گی

شہداء کے بچوں، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کو اسکالرشپس کی فراہمی ایک اہم اقدام ہے' میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں ادارے کے غیرضروری انتظامی اخراجات کم کرنے، تنظیم نو

بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

ایران، مسلم ممالک کے درمیان اتحاد کو فروغ دینے کیلئے تعاون کرنے پر تیار ہے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وفود سے گفتگو

خطے میں قیام امن کی کوششیں تیز
مکہ اتحاد کے رکن ممالک کی تہران آمد، ایرانی حکام سے ملاقات

تینوں ممالک کے نمائندوں کی اجلاس سے پہلے صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات ہوئی، ایرانی صدر نے خطے میں اتحاد اور یکجہتی کو فروغ دینے کیلئے کسی بھی معاہدے کی حمایت پر زور دیا

اجلاس میں فیلڈ مارشل، سعودی وزیر دفاع، ایرانی صدر اور ترکیہ کے انٹیلی جنس چیف شریک ہوئے' بحران اور کشیدگی میں شامل فریقوں کے درمیان کشیدگی کم کرنے پر بات چیت

تہران (نیوز ڈیسک) خطے میں قیام امن کی جاری کوششوں کے سلسلے میں مکہ اتحاد کے رکن ممالک اور ایران کا اجلاس تہران میں ہوا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، سعودی وزیر دفاع خالد بن سلمان، ترکیہ کے انٹیلی جنس چیف ابراہیم قالن، ایرانی صدر مسعود پزشکیان، ایرانی قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی بھی شریک ہیں۔ پاکستانی فوج کے شعبہ تعلقات

بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں



تہران، مکہ دفاعی معاہدے میں شامل ممالک اور ایران کے درمیان بات چیت سے قبل راہنماؤں کا گروپ فوٹو

چار ملکی اجلاس کی تجویز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے دی تھی، اسماعیل بقائی

یہ ملاقات مکہ معاہدے میں شامل ممالک اور ایران کے درمیان اعلیٰ سطح پر پہلے مذاکرات ہیں

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ تہران میں چار ملکی اجلاس منعقد کرنے کی تجویز پاکستان کے چیف

بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

طالبان حکومت دہشتگرد تنظیموں کو پناہ دے رہی ہے، پاکستان

افغان سرزمین سے منصوبہ بندی، مالی معاونت سے ہوئے دہشتگرد حملوں میں ہزاروں پاکستانی شہید ہوئے، پاکستان اپنے شہریوں اور سیکورٹی فورسز پر مسلسل حملوں کے سامنے خاموش نہیں رہ سکتا

پاکستان کی کارروائیاں حق دفاع کے تحت اور آخری چارہ کار کے طور پر صرف دہشتگردوں اور ان کے لاجسٹک مراکز پر کی گئیں، افغان سرزمین کو دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے سے روکنا افغان طالبان حکومت کی ذمہ داری ہے

ٹی ٹی پی، فتن الخوارج بی ایل اے اور فتنہ الہندوستان کو پناہ دینا تشویشناک' عالمی برادری افغان طالبان حکومت کو یو این سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کا پابند بنائے' ترجمان دفتر خارجہ سلمان حیدر کی پریس بریفنگ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ طالبان حکومت ٹی ٹی پی، فتن الخوارج، بی ایل اے اور فتنہ الہندوستان کو پناہ دے رہی

بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں



راولپنڈی، سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ مرحوم کی فائل فوٹو

بھارتی غاصب فوجوں کے کشمیر میں داخل ہونے کی یاد میں بھارت کا چہرہ بے نقاب کرنے کیلئے آج ملک بھر میں یوم سیاہ منایا جائیگا

کئی دہائیوں کے ظلم وستم کے باوجود کشمیری اپنے حق خودارادیت سے پیچھے نہیں ہٹے، بھارت نے برسوں سے کشمیر پر غیرقانونی تسلط قائم کر رکھا ہے' امیر مقام

پاکستان کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی ہرممکنہ مدد جاری رکھے گا، معرکہ حق کے بعد امید پیدا ہوگئی ہے کہ کشمیریوں کو ضرور حق خودارادیت ملے گا' وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ بھارت کے غیرقانونی زیرتسلط جموں وکشمیر میں بھارتی غاصب فوجوں کے داخل ہونے کے دن کو ملک بھر میں یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا، پاکستان کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی ہرممکنہ مدد جاری رکھے گا، معرکہ حق کے بعد یہ امید پیدا ہوگئی ہے کہ کشمیریوں کو ضرور حق خودارادیت ملے گا، مسئلہ کشمیر

بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی رینکنگ اینڈ اسکورنگ میں دوگنا بہتری آئی ہے' گورنر

میر جاکر خان رند یونیورسٹی سبی کی کارکردگی میں کافی بہتری آئی ہے تاہم بہت کچھ کرنا اب بھی باقی ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ آپ سب گواہ ہیں کہ میں نے یونیورسٹی سینیٹ کے ہر اجلاس میں یکطرفہ فیصلوں کی بجائے

بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

سینیٹ اجلاس، مقبوضہ کشمیر پر بھارتی غاصبانہ قبضے کیخلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور

ایوان اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیر پر اپنی قراردادوں پر عمل کرائے، حکومت پاکستان کشمیریوں کی سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے

یہ ایوان بھارتی قبضے کو ناجائز قرار دیتا ہے، یہ ایوان کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کے چناؤ کے حق کی حمایت کرتا ہے' قرارداد کا متن

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سینیٹ نے مقبوضہ کشمیر پر بھارتی غاصبانہ قبضے کے خلاف قرارداد متفقہ طور پر

بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

سرکاری امور کو جدید ڈیجیٹل نظام پر منتقل کرنے میں تیزی لائی جائے' وزیراعلیٰ

سرکاری امور میں غیرضروری تاخیر کا خاتمہ اور بروقت فیصلوں کو یقینی بنانا ناگزیر ہے

کوئٹہ، 26 اکتوبر۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت سرکاری خدمات کی فراہمی میں بہتری اور ڈیجیٹل اصلاحات سے متعلق اہم اجلاس

بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان

پیٹرول 1 روپے 54 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل 2 روپے 16 پیسے مزید مہنگا، نوٹی فکیشن جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں ایک روپے 54 پیسے کا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ناگزیر ہے، اسپیکر

پاکستان کی پارلیمان جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے' سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل سیاسی،

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں



اسلام آباد' اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم اور حافظ نعیم الرحمان کی ملاقات طے پاگئی، اگلے دو روز میں ملاقات متوقع

حافظ نعیم الرحمان، وزیراعظم سے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے ایجنڈے پر ملاقات کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی ملاقات طے پاگئی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے نائب امیر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

الیکشن کمیشن کا انتخابی عمل میں اے آئی کا باقاعدہ استعمال کرنے کا فیصلہ

ڈیپ فیک، مصنوعی آواز اور ویڈیو پر اے آئی جنریٹڈ ہونے کا واضح ذکر لازم ہوگا' ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے انتخابی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

بلوچستان اسمبلی، تعلیمی اداروں کے دو مسودہ قوانین منظور، سرداری نظام کے خاتمے کی قرارداد نمٹادی گئی

ضلع ماشکیل میں سڑکوں کی تعمیر، پشین میں کیمپس کو جامعہ کا درجہ دینے کی قرارداد اور ڈیرہ بگٹی اسکول آف ایکسیلینس بل منظور

قومی شاہراہوں پر حادثات کے معاملات بھی زیر بحث آئے' اسمبلی میں کورم کی نشاندہی کے بعد اجلاس 10 نومبر تک ملتوی کر دیا گیا

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان اسمبلی نے میر غلام قادر بگٹی اسکول آف ایکسیلینس نارتھ ڈیرہ بگٹی اور ایوب بلیدی ماڈل سیکنڈری اسکول بلیدہ کیچ کے مسودہ قوانین منظور کرلیے، جبکہ صوبے میں سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق قرارداد پہلے سے موجود قانون اور عدالتی فیصلوں کی روشنی میں نمٹادی گئی۔ اجلاس میں قومی شاہراہوں پر حادثات کے متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کے نظام، این ایف

بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ انتقال کر گئے

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر اور پاک فوج کے تمام رینکس نے جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر اظہار افسوس کیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کی شاندار

بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

امریکا صرف اپنی بات منوانا چاہتا ہے، دو طرفہ مذاکرات میں سنجیدہ نہیں، ایران

امریکا گزشتہ دو برس سے مذاکرات اور اپنی شرائط مسلط کرنے کے درمیان فرق نہیں کر پا رہا ہے ایران سفارت کاری کے لیے پرعزم ہے

ایران نے اپنے عوام اور عالمی برادری پر واضح کر دیا کہ وہ سفارت کاری کے لیے سنجیدہ اور ثابت قدم ہے، ترجمان وزارت خارجہ اسماعیل بقائی

ایران نے امریکا پر مذاکرات میں سنجیدہ نہ ہونے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ایران سفارت کاری کے لیے پرعزم ہے اور اس نے بات چیت کے دروازے کبھی بند نہیں کیے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ امریکا گزشتہ دو برس سے مذاکرات اور اپنی شرائط مسلط کرنے کے درمیان فرق نہیں کر پا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

بلاول بھٹو زرداری کی یوم سیاہ کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کی شدید مذمت

کراچی / اسلام آباد / لاہور / مظفرآباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم سیاہ کشمیر پر مقبوضہ کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تقریباً آٹھ دہائیاں گزرنے کے باوجود کشمیری

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

مصری پارلیمنٹ نے حوثیوں کیخلاف سعودی عرب کی فوجی مدد کی منظوری دیدی

حوثی باغیوں کے سعودی عرب پر حملوں میں شدت آ رہی ہے' اس فیصلے سے مصر کے علاقائی تنازع میں براہِ راست شامل ہونے کا امکان بڑھ گیا

مصر ماضی میں خلیجی ممالک پر ایران اور اس کے حمایت یافتہ گروہوں کے حملوں کی مذمت کرتا رہا ہے تاہم اس نے براہِ راست لڑائی میں حصہ نہیں لیا تھا

قاہرہ (نیوز ڈیسک) ایران مصر کو خبردار کرچکا تھا کہ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

احتجاج کیس، علیمہ خان کے خلاف فیصلہ 26 نومبر کو سنایا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) احتجاج کیس میں علیمہ خان کے خلاف فیصلہ 26 نومبر کو سنایا جائے گا۔ علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس کے معاملے میں پیر کو ایک بار پھر 5 ویں مرتبہ فیصلہ موخر ہوگیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے فیصلہ مکرر کردیا، جواب 26 نومبر کو سنایا جائے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

بدامنی، بے روزگاری اور گیس و بجلی کا بحران تشویشناک ہے' مولانا عبدالواسع

این ایف سی ایوارڈ اور عوامی حقوق کے لیے جے یو آئی کی خدمات تاریخ کا حصہ ہیں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام نے این ایف سی ایوارڈ، عوامی خدمت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کا کردار تاریخ کا حصہ ہے لیکن

بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں



چیئرمین محمود خان اچکزئی سے پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی ملاقات کررہے ہیں

پرائم منسٹر کروم بک سکیم کا آغاز کیا گیا ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

ملک بھر کے باصلاحیت طلبہ میں 5 لاکھ کروم بکس اور انٹرنیٹ ڈیوائسز تقسیم کی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت

بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

بھارت نے 4 پاکستانی ماہی گیروں کو گرفتار کر لیا

چاروں ماہی گیروں کا تعلق سجاول کے ساحلی علاقے جھمپیر جہان خان سے ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) بھارت نے 4 پاکستانی ماہی گیروں کو گرفتار کر لیا۔ فشر فوک فورم کے مطابق سمندری حدود سر کریک سے بھارتی سیکیورٹی فورس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

وزیر پیٹرولیم کی امریکی ناظم الامور سے ملاقات، مشرق وسطی صورتحال پر گفتگو

پاکستانی ریفائنریز اپ گریڈیشن منصوبہ امریکی سرمایہ کاری کا موقع ہے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستانی ریفائنریز کی اپ گریڈیشن کے منصوبے امریکی مالیاتی اداروں کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں



کوئٹہ، لیبر کالونی میں تجاوزات کیخلاف آپریشن، عوامی پارکس میں قائم غیر قانونی تعمیرات مسمار

سرکاری املاک اور عوامی تفریحی مقامات پر قبضے برداشت نہیں کیے جائیں گے، اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نے مجسٹریٹ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ) اور ورکرز ویلفیئر بورڈ (WWB) کے اسٹیٹ آفیسر کے ہمراہ لیبر کالونی میں تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران عوامی پارکس میں قائم مستقل تجاوزات اور غیر قانونی نجی تعمیرات کو مجسٹریٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے کے معاونت سے مسمار کر دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر نے واضح کیا کہ سرکاری املاک کا تحفظ اور عوامی مقامات کو غیر قانونی قبضوں سے پاک رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے اور عوامی تفریحی مقامات کے تحفظ کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ آپریشن کے دوران عوامی پارکس میں قائم مستقل تجاوزات اور غیر قانونی نجی تعمیرات کو مجسٹریٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے کے معاونت سے مسمار کر دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر نے واضح کیا کہ سرکاری املاک کا تحفظ اور عوامی مقامات کو غیر قانونی قبضوں سے پاک رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے اور عوامی تفریحی مقامات کے تحفظ کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

تربت یونیورسٹی کے شعبہ کیمسٹری کے طلبا کا مکران میڈیکل کالج کا دورہ، بائیو کیمسٹری لیبارٹری سے متعلق آگاہی

جامعہ تربت کی تعلیمی و تحقیقی شراکت داری کے فروغ کے عزم کا اعادہ، طلبا کو عملی تجربات کے مواقع فراہم کرنے پر زور

تربت (آئی این پی) تربت یونیورسٹی کے شعبہ کیمسٹری کے طلبا نے مکران میڈیکل کالج کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بائیو کیمسٹری لیبارٹری کے بارے میں ایک معلوماتی اور انٹرایکٹو اورینٹیشن سیشن میں شرکت کی۔ سیشن کے دوران طلبا کے علاوہ جامعہ تربت کے شعبہ کیمسٹری کے سربراہ ڈاکٹر ظفر علی، ڈاکٹر اسما حیات اور کیا بھی موجود تھے۔ سیشن کی میزبانی میڈیکل کالج کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر صغیر نے کی، جنہوں نے طلبہ کو لیبارٹری کے مختلف آلات، طریقہ کار، پروٹوکول اور بائیو کیمیکل تجزیے و طبی تشخیص میں ان کے استعمال سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر صغیر نے طلبا کے سوالات کے پیشہ ورانہ انداز میں جوابات بھی دیے۔ اس موقع پر ڈاکٹر ظفر علی نے سیشن کے انعقاد میں تعاون پر میڈیکل کالج کی انتظامیہ اور ڈاکٹر صغیر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے طلبا کو عملی سرگرمیوں میں شرکت کا موقع فراہم کرنے پر شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے علاقائی، قومی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعلیمی و تحقیقی شراکت داری کو وسعت دینے کے لیے جامعہ تربت کے عزم کا اعادہ کیا۔



صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اسمبلی اجلاس میں ایوب بلیدی سکول بلیدہ کا مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

روزنامہ جنگ کوئٹہ کے کوآرڈینیٹر محمد اشرف انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) روزنامہ جنگ کوئٹہ کے کوآرڈینیٹر محمد اشرف انتقال کر گئے۔ مرحوم سردار علی مرحوم کے صاحبزادے، محمد عظمت کے بھائی، دانیال علی کے والد اور عمیر یونس علی کے چچا تھے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی کلی برات خان، خان ریذیڈنس کی جامع مسجد الفیض میں جاری ہے۔

کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کو محکمہ فشریز کی کارکردگی اور جاری سرگرمیوں پر بریفنگ

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کو محکمہ فشریز کی مجموعی کارکردگی، جاری سرگرمیوں اور محکمے سے متعلق امور کے حوالے سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز نے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران محکمہ فشریز کی کارکردگی، آبی وسائل کے تحفظ اور فشریز کے شعبے کی بہتری سے متعلق امور پر روشنی ڈالی گئی۔ کمشنر عرفان اللہ خان نے محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں اور محکمہ فشریز کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تمام محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

زیارت میں صرف 4 گھنٹے بجلی فراہمی عوام کے ساتھ ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہے

زیارت (نامہ نگار) ضلع زیارت کے ہیڈکوارٹر زیارت بازار میں بھی اگر 24 گھنٹوں میں صرف 4 گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے اور 20 گھنٹے بجلی بند رہتی ہے، تو یہ عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہے۔ اس سے بھی زیادہ افسوس ناک صورتحال یہ ہے کہ زیارت کے متعدد ملحقہ علاقوں کے عوام گزشتہ تین سال سے ایک گھنٹے کی بجلی کے لیے بھی ترس رہے ہیں۔ آخر ان علاقوں کے عوام کا قصور کیا ہے؟ کیا انہیں بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم رکھنا انصاف ہے؟ بجلی نہ ہونے کے باعث گھریلو زندگی، کاروبار، طلبہ کی تعلیم اور روزمرہ معمولات شدید متاثر ہو رہے ہیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

پشتونخوا ایس او جنوبی پشتونخوا زون کانفرنس آج کوئٹہ میں منعقد ہوگا

جنوبی پشتونخوا کی نئی کابینہ کی تشکیل ہوگی، کانفرنس میں پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی شرکت کرینگے

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی آرگنائزر سیف اللہ خان، سینئر ڈپٹی آرگنائزر زین اللہ، اطلاعات آرگنائزر اسفند کاکڑ، مالیات آرگنائزر محمود اچکزئی، آفس آرگنائزر نواز جلواک، رابطہ آرگنائزر طیب کاکڑ، ثقافت آرگنائزر حسن وزیر و دیگر آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کانفرنس آج 27 اکتوبر کو کوئٹہ کے گرینڈ کیا بش میرج ہال میں منعقد ہوگا۔ کانفرنس میں گزشتہ تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کیا جائے گا جس کا جائزہ لینے کے بعد اس کی منظوری دی جائے گی اور نئی کابینہ کے لیے انتخابات ہوں گے۔ کانفرنس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی خصوصی شرکت کرینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پشتونخوا زون کانفرنس سے تنظیم مزید مضبوط اور منظم ہوگی اور جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں تنظیمی فعالیت، طلباء کے تعلیمی، سماجی، سیاسی، معاشی اور جمہوری مثبت تعمیری اقدار کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگی۔

ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کا BSDI ترقیاتی اسکیموں کا دورہ

بستی حکیمانی گرلز اسکول، بستی لاکھا دھم اسکول اور گورنمنٹ ڈگری کالج بارکھان میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ

بارکھان (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر بارکھان کا BSDI ترقیاتی اسکیموں کا دورہ، تعمیراتی معیار اور جلد تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ نے ایکسین بلڈنگز (B&R) طارق شیرانی کے ہمراہ BSDI کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں کا دورہ کیا اور منصوبوں پر جاری کام کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بستی حکیمانی گرلز اسکول میں دو نئے کمروں کی تعمیر، بستی لاکھا دھم اسکول میں مرمتی کام اور گورنمنٹ ڈگری کالج بارکھان میں آئی ٹی لیب کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے جاری ترقیاتی کاموں اور منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ BSDI کے تحت جاری تمام ترقیاتی اسکیموں میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ مدت میں تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرنے پر زور دیتے ہوئے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں غفلت، ناقص معیار اور غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی انفراسٹرکچر کی بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول اور جدید سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی جاری رکھی جائے۔

لورالائی میں واٹر سپلائی اور تمام بند ٹیوب ویلز بحال کیئے جائے، پشتونخوامیپ

لورالائی (آئی این پی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں لورالائی شہر کے واٹر سپلائی کے تمام ٹیوب ویلز کی بندش اور شہر کو پانی سپلائی مکمل روکنے کے غیر قانونی وغیر انسانی اقدام پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کی اس نااہلی غفلت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ شہر کے تقریباً 40 ٹیوب ویلز کو بند کر کے پانی روکنا میدان کربلا کی یاد دلاتا ہے جو صوبائی حکومت کی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت اور ان کے نااہل، ناکام اور کرپشن میں ملوث وزراء کو فرصت نہیں کہ وہ لورالائی کے عوام کو پانی مہیا کرنے اور محکمہ پی ایچ ای / واسا کے ٹیوب ویل فنکشنل کرانے کا اقدام اٹھائیں۔ لورالائی شہر اور اس کے باسی بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔

سردار منظور کاکڑ کا جنرل ریٹائرڈ عبدالوحید خان کاکڑ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی رہنما سندھ بلوچستان نے سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ عبدالوحید خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تعزیتی بیان میں ان کی سیاسی و عسکری خدمات کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا جنرل عبدالوحید کاکڑ نے پاکستان اور پاکستانی قوم کی خاطر جمہوریت کی پاسداری کی اور 12 جنوری 1996 کو اپنی تین سالہ مدت مکمل کر کے ایک دن کی بھی توسیع لیے بغیر عزت واحترام کے ساتھ ریٹائر ہو گئے

مینجنگ ڈائریکٹر بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کے مسیحا ہیں، رفیق جنگ

جرمن سفیر سے ملاقات پاک سوزوکی سے معاہدہ اور دیگر اقدامات سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیگ سریاب کے رہنما اور تجربے کار سیاسی ورکر رفیق جنگ اور صادق ہنگلزئی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں مینجنگ ڈائریکٹر (بی ٹیوٹا) عبدالکبیر زرکون کی خدمات اور نوجوانوں کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ موصوف کی قیادت ٹیوٹا کے پہلی بار بین الاقوامی سطح پر بلوچستان کے نوجوانوں کو متعارف کروایا جرمن سفیر سے ملاقات پاک سوزوکی کے ساتھ معاہدہ اور ورلڈ سکلز (Skils) مقابلے میں بلوچستان کے ٹرینیز کی شرکت اس کی واضح اور عمدہ مثال ہیں ایم ڈی کی کاوشوں سے صوبے بھر کے فنی ادارے فعال اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر ہو رہے ہیں جو بلوچستان کی ترقی کیلئے سنگ میل ثابت ہو سکتی ہیں انہوں نے کہا کہ امید ظاہر کرتے ہیں کہ موجودہ ایم ڈی کی سربراہی میں ٹیوٹا اسی طرح ترقی کی راہ پر گامزن رہے گا۔

میڈیا اور معلوماتی خواندگی کے فروغ اور جھوٹی خبروں سے بچاؤ کا شعور اجاگر کرنا ضروری ہے، مسلم لیگ (ن)

ذمہ دارانہ صحافت اور تنقیدی سوچ معاشرتی ہم آہنگی کے لیے اہم ہیں، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ


کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ میڈیا اور معلوماتی خواندگی کے عالمی ہفتے کے موقع پر عوام میں درست معلومات کی پہچان، ذمہ دارانہ ابلاغ اور جھوٹی خبروں سے بچاؤ کے شعور کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع ابلاغ کے ذریعے معلومات تیزی سے پھیلتی ہیں، تاہم غیر مصدقہ خبروں، گمراہ کن معلومات اور پروپیگنڈے کے پھیلا سے معاشرے کو مختلف چیلنجز کا سامنا ہے۔ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ شہری کسی بھی خبر یا معلومات کو آگے پھیلانے سے پہلے اس کی تصدیق کریں اور ذمہ دارانہ طرز عمل اپنائیں۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ میڈیا اور معلوماتی خواندگی عوام کو حقائق اور افواہوں میں فرق کرنے، تنقیدی سوچ کو فروغ دینے اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے موثر و ذمہ دارانہ استعمال میں مدد دیتی ہے۔ نوجوانوں، طلبہ اور خواتین میں اس حوالے سے آگاہی پیدا کرنا بالخصوص اہم ہے تاکہ وہ آن لائن معلومات کو سمجھنے اور ان کا درست تجزیہ کرنے کی صلاحیت حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور پیشہ ورانہ صحافت معاشرے میں درست معلومات کی فراہمی اور عوامی اعتماد کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہے، جبکہ صحافتی اصولوں کی پاسداری اور معلومات کی تصدیق معاشرتی ہم آہنگی کے لیے بھی ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ میڈیا اور معلوماتی خواندگی کے فروغ کے لیے حکومتی اداروں، تعلیمی اداروں، میڈیا تنظیموں اور سول سوسائٹی کو مشترکہ کوششیں کرنی چاہئیں تاکہ ایک باخبر، باشعور اور ذمہ دار معاشرے کی تشکیل ممکن ہو سکے۔



ہیڈ مسٹریس کنیز زہرہ چیئرمین پی ٹی ایس ایم سی آغا محمدی و دیگر گرلز ہائی سکول ہزارہ ٹاؤن میں سائنسی نمائش میں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کو یوم سیاہ منانے کا مقصد کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف آواز بلند کرنا اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت کرنا ہے۔ آج ملک بھر میں جلسوں، جلوسوں اور ریلیوں کے ذریعے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان نے اقوام متحدہ سمیت عالمی سطح کے ہر اہم فورم پر مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے۔ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرے اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حقِ خودارادیت دلوانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ واضح رہے کہ پاکستان کشمیر اور فلسطین سمیت دنیا بھر کی محکوم اقوام اور مظلوم طبقات پر ہونے والے ظلم و جبر کے خلاف ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عالمی برادری کی توجہ ان مظالم کی جانب مبذول کرائی جائے اور کشمیری عوام کے جائز حقوق کے حق میں عالمی رائے عامہ کو موثر انداز میں ہموار کیا جائے۔



جعفر خان مندوخیل
گورنر بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر یومِ سیاہ کشمیر کشمیری عوام کی قربانیوں، جدوجہدِ آزادی اور حقِ خودارادیت کی یاد دہانی کا دن ہے۔ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے جائز حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جب بھارتی افواج مقبوضہ جموں و کشمیر میں داخل ہوئیں۔ یہ دن کشمیری عوام پر مسلط کی گئی ناانصافیوں اور ان کی طویل جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ کئی دہائیوں سے جاری مشکلات کے باوجود کشمیری عوام نے اپنے بنیادی حقوق، آزادی اور حقِ خودارادیت کے لیے عزم و حوصلے کا مظاہرہ کیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر محض ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ انسانی حقوق، انصاف اور عوام کو اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنے کا حق دینے کا معاملہ ہے۔ کشمیری عوام کی امنگوں کا احترام اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مسئلے کا منصفانہ اور پُرامن حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کے دکھ درد کو اپنا دکھ درد سمجھتے ہیں۔ جغرافیائی فاصلے اور علاقائی تنوع کے باوجود پاکستانی قوم کا رشتہ باہمی اخوت، مشترکہ اقدار اور یکجہتی کے مضبوط احساس سے جڑا ہوا ہے۔ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ یکجہتی کے اس رشتے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان کی جائز جدوجہد میں خود کو ان کے ساتھ شریک سمجھتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یومِ سیاہ کشمیر عالمی برادری کے لیے بھی ایک اہم پیغام رکھتا ہے کہ کشمیری عوام کے بنیادی حقوق اور ان کی امنگوں کو نظرانداز کر کے پائیدار امن قائم نہیں کیا جا سکتا۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل اور کشمیری عوام کو ان کا تسلیم شدہ حقِ خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں اور اپنے حق کے لیے ان کا عزم اس حقیقت کی یاد دہانی ہیں کہ آزادی، انصاف اور وقار ہر انسان کا بنیادی حق ہے۔ یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر ہمارا پیغام واضح ہے کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت میں ان کی آواز کے ساتھ اپنی آواز ملاتے رہیں گے۔



میر سرفراز بگٹی
وزیراعلیٰ بلوچستان

روزنامہ باخبر کوئٹہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے



روزنامہ باخبر 27 اکتوبر 2026ء

عالمی یوم انسدادِ پولیو، روٹری انٹرنیشنل کا پاکستان سمیت دنیا بھر سے پولیو کے خاتمے کے عزم کا اعادہ

پاکستان میں 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے تحفظ فراہم کرنے میں روٹری کی معاونت، پاکستان دنیا کے ان آخری دو ممالک میں شامل ہیں جہاں اب بھی یہ وائرس موجود ہے

روٹری اور اس کے گلوبل پولیو ایریڈیکیشن انیشی ایٹو (جی پی ای آئی) کے شراکت داروں کے پاس پولیو کے مکمل اور مستقل خاتمے کے لیے ضروری وسائل اور مہارت موجود ہے

اسلام آباد / کوئٹہ (آئی این پی) عالمی یوم انسدادِ پولیو کے موقع پر روٹری انٹرنیشنل نے پاکستان میں وائلڈ پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنی کئی دہائیوں پر محیط معاونت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ افغانستان سمیت پاکستان دنیا کے ان آخری دو ممالک میں شامل ہیں جہاں اب بھی یہ وائرس موجود ہے۔ عالمی یوم انسدادِ پولیو ہر سال 24 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔ روٹری نے یہ دن ڈاکٹر جونا س سالک کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے متعارف کرایا تھا، جنہوں نے تقریباً 70 برس قبل پولیو سے بچاؤ کے اولین محفوظ اور مؤثر حفاظتی ٹیکے

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین

گندم کی 100 کلو کی بوری 14 ہزار اور آٹے کی بوری 16 ہزار 300 روپے میں فروخت ہو رہی ہے

پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) سے گندم کی خریداری شروع نہ کرسکی، جس کے باعث صوبے میں گندم اور آٹے کا بحران مزید شدت اختیار کرگیا ہے، ذرائع کے مطابق پاسکو سے گندم خریدنے کا معاملہ گزشتہ دو ماہ سے تعطل کا شکار ہے، صوبائی کابینہ نے دو ماہ قبل گندم کی خریداری کی منظوری دی تھی

گندم کی خریداری کا معاملہ طویل عرصے سے زیرِ التوا رہنے کے باعث آٹے کی قیمتوں میں مزید اضافے اور شہریوں کی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے، کم آمدن والے خاندان پہلے ہی مہنگائی کے باعث بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت صوبائی کابینہ کی منظوری کے باوجود پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) سے گندم کی خریداری شروع نہ کرسکی، جس کے باعث صوبے میں گندم اور آٹے کا بحران مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاسکو سے گندم خریدنے کا معاملہ گزشتہ دو ماہ سے تعطل کا شکار ہے۔ صوبائی کابینہ نے دو ماہ قبل گندم کی خریداری کی منظوری دی تھی، تاہم اس فیصلے پر تاحال عمل درآمد نہیں ہوسکا۔ گندم کی خریداری میں تاخیر کے باعث صوبے میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے اور فراہمی کے حوالے سے تشویش بڑھ رہی ہے۔ فلور ملز مالکان کے مطابق 100 کلوگرام گندم کی بوری کی قیمت 14 ہزار روپے جبکہ 100 کلوگرام آٹے کی بوری کی قیمت 16 ہزار 300 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ گندم کی خریداری کا معاملہ طویل عرصے سے زیرِ التوا رہنے کے باعث آٹے کی قیمتوں میں مزید

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے سینیٹر دینش کمار ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کی خوشحالی پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے، میر عبید گورگیج

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید اللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے، جس کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت، جمہوریت کا استحکام اور ملک و صوبے کی ترقی و خوشحالی ہے۔ بلوچستان کی خوشحالی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، کوئٹہ میں اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے کی تعمیر و ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی 44 کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم عوامی توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقے میں

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کوہیار خان ڈومکی لہڑی میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے، سردارزادہ فیصل خان جمالی

کشمیریوں نے اپنے بنیادی حقوق اور آزادی کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کی حق خود ارادیت کے حصول کے لیے جاری جدوجہد کی حمایت پاکستان

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی حکومت اقلیتی برادری کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، روی کمار پہوجا

بست کمار کے قتل کی فوری تحقیقات، ملزمان کی گرفتاری اور غفلت برتنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے، رکن صوبائی اسمبلی

سبی (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر رکن صوبائی اسمبلی روی کمار پہوجا نے سبی میں ہندو تاجر بست کمار کی ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل ہونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات سے جہاں دل خون کے آنسو روتا ہے وہاں

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، سربراہ یو این ڈی پی بلوچستان چیئر، یو این پی ڈی ذوالفقار درانی و دیگر مقررین یونائیٹڈ نیشنز ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

انسدادِ پولیو مہم کے مائیکرو پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے، کمشنر نصیر آباد صلاح الدین نورزئی

زیرو ڈوز بچوں تک رسائی، پولیو مہم میں غفلت برتنے والوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا ہے کہ ڈویژن بھر میں انسداد پولیو مہم کو مؤثر بنانے کے لیے مائیکرو پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے، زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی کر کے انہیں پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری پرنس آغا عمر احمد زئی اسمبلی اجلاس کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں

نوجوان معاشرتی ترقی اور مؤثر مقامی حکمرانی میں فعال کردار ادا کریں، ماجد جوہر

نوجوانوں کی قائدانہ صلاحیتوں کے فروغ اور شہری امور میں مؤثر شرکت کیلئے آگاہی و تربیتی پروگرام

گوادر (خ ن) گوادر ایمبولینس سروس کے زیر اہتمام BRSP سپورٹ پروجیکٹ اور حکومتِ بلوچستان کے تعاون سے میونسپل کارپوریشن گوادر

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، قبائلی رہنما سردار تسیم خان بازئی و دیگر کلی شاہ عالم میں شمولیتی تقریب کے موقع پر عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے سابق صوبائی وزیر میر سکندر عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

پروموشن بورڈ کا اجلاس نہ ہونے سے ملازمین میں بے چینی پائی جاتی ہے، حاجی ابراہیم زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی صدر نور زمان کاکڑ، صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری، نائب صدر حضرت علی اچکزئی، حاجی کریم بلوچ، اسلم کھیتران، خالد جاوید،

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

موسمِ سرما کے آغاز پر گیس لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جمعیت علما اسلام کا مقصد بلا امتیاز عوام کی خدمت ہے، کلی مسلم آباد میں گیس پائپ لائن کا افتتاح

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، ڈپٹی کوآرڈینیٹر ڈیجیٹل میڈیا حافظ رشید احمد حقانی، شیخ ماندہ یونٹ کے امیر مولانا محمد صادق، جنرل سیکرٹری سید حاجی امان اللہ آغا اور دیگر رہنماؤں نے کلی مسلم آباد، شیخ ماندہ میں گیس پریشر کی بہتری کے لیے نئی

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں ہنرمندی کے فروغ کے لیے یوتھ ووکیشنل اسکل ٹریننگ پروگرام کا آغاز

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے صوبے کے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے، بے روزگاری کے خاتمے اور معاشی خودمختاری کے فروغ کے لیے کوئٹہ میں ''یوتھ ووکیشنل اسکل ٹریننگ پروگرام'' کا

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بی پی ایچ آئی کے نئے چیف آفیسر ڈاکٹر ایم بی راجہ کی شاندار کارکردگی پر تحریک انصاف کا خراجِ تحسین

صوبے کے بی ایچ یوز میں ادویات کی ترسیل اور عملے کی حاضری سے صحت کے شعبے میں انقلابی تبدیلیاں آئیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماؤں سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، سردار بہلول خان کاکڑ نے اپنے بیان میں پی پی ایچ آئی کے نئے چیف آفیسر ڈاکٹر ایم بی راجہ کی شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا ہے جب سے نئے چیف آفیسر آئے ہیں پہلے سے زیادہ

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

عوامی مسائل کا فوری حل اور سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے، جن کو حل کیلئے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری

عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے درمیان موجود رہیں، ان کی مشکلات کو سنیں اور ان کے ازالے کے لیے عملی اقدامات کریں، صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے آج سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل نہایت توجہ، خلوص اور ہمدردی کے ساتھ سنے اس موقع پر صوبائی وزیر نے شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



صدر پریس کلب عرفان سعید سے حریت کانفرنس ال پارٹیز کے رہنما سٹیئر ممبر میر وائس عمر فاروق کے نمائندہ خصوصی سید فیض نقشبندی ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

صحبت پور، مہنگائی پر قابو پانے اور ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کے لیے انتظامیہ متحرک، بازاروں کے دورے شروع

سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور تجاوزات پر سامان ضبط اور بھاری جرمانے عائد ہوں گے، اسسٹنٹ کمشنر کی ہدایت

صحبت پور (یو این اے) ضلعی انتظامیہ صحبت پور نے شہر میں مسلسل بڑھتی ہوئی گرانفروشی پر قابو پانے اور اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کے لیے باقاعدہ فیلڈ کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے، جس کے تحت انتظامی افسران کو فوری متحرک کر دیا گیا

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ: پیر آف لواری شریف پیر محمد صادق قریشی نقشبندی کی 47ویں سالگرہ، کیک کاٹا گیا

گنداخہ (اے این این) پیر آف لواری شریف حضرت قبلہ پیر محمد صادق قریشی نقشبندی کی 47ویں سالگرہ کے موقع پر ایگریکلچر آفیسر عبدالحئی جمالی کی جانب سے مرحوم درویش کریم بخش جمالی ہاؤس کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں جماعت لواری شریف کے مریدین، عقیدت مندوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں معروف سیاسی و سماجی شخصیت حاجی عبدالحمید جمالی، استاد انیس احمد جمالی، بی این آر کے ایکسین فخرالدین جمالی، ایگریکلچر آفیسر صوبہ خان جمالی، صدر تحصیل پریس کلب گنداخہ و صدر بلوچستان میڈیا فورم ضلع اوستہ محمد میجر جمالی، تاجی لطف جمالی، شہزاد جمالی، کامران عابد جمالی، علی

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کا پہلا تعارفی اجلاس

مصالحتی عمل کو آگے لے جایا جائیگا دیگر تنظیموں کے ساتھ اتحاد و انضمام کیلئے جدوجہد کی جائیگی، فیصلہ

کوئٹہ (پ ر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کا پہلا تعارفی اجلاس مرکزی آرگنائزر سجاد حسین رند کی صدارت میں منعقد ہوا، نظامت کے فرائض اکبر علی اکبر نے سرانجام دیئے، اجلاس کا آغاز حافظ محمد عثمان نے

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد میں شجرکاری کے فروغ کے لیے احسان احمد تنیو کی مہم جاری، شہریوں میں درخت تقسیم

اوستہ محمد (اے این این) ضلع اوستہ محمد میں شجرکاری کے فروغ اور ماحول کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے سیاسی و سماجی شخصیت احسان احمد تنیو اور ان کی ٹیم کی کاوشیں جاری ہیں۔ وہ سال 2012 سے درخت تقسیم کرنے کے ذریعے شجرکاری کے فروغ اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ احسان احمد تنیو کی اس مہم کا بنیادی مقصد عوام میں درختوں کی اہمیت اور افادیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا اور معاشرے کو سرسبز و شاداب بنانے

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر احمد گل کاکڑ سے ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج اسمبلی اجلاس کے دوران ایم پی اے اصغر رند سے بات چیت کر رہے ہیں



سربراہ یو این ڈی پی بلوچستان چیئر، یو این پی ڈی ذوالفقار درانی یونائیٹڈ نیشنز ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے موقع پر لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

وندر، مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر کوچ میں اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی، تمام مسافر معجزانہ طور پر محفوظ

کراچی سے گوادر جانے والی کوچ مکمل طور پر جل کر خاکستر، مسافروں نے بروقت نکل کر اپنی جانیں بچائیں

وندر (یو این اے) مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر کوچ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی تاہم خوش قسمتی سے حادثے میں تمام مسافر اور عملہ محفوظ رہے۔

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سوئی گیس کے غیر معمولی اور بھاری بلوں پر شہریوں کا شدید غم و غصہ، جے یو آئی رہنماؤں کا تشویش

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماِ اسلام مسلم اتحاد کالونی یونٹ کے امیر مفتی عالم گل، ناظمِ عمومی مولانا موسیٰ کلیم اللہ فضلی، سرپرست مولانا فضل الحق حقانی، اللہ دوست ایڈووکیٹ، مولانا شیر محمد، مولانا عبدالولی جان، مولانا عبدالعزیز حمیدی، حاجی وزیر محمد بڑیچ، مولانا نور محمد حقانی، مولانا محمد قدیم، مولانا عبدالجبار درانی، بہادر شاہ، حاجی عین الدین، عبدالمالک طورزئی، قاری فیض اللہ فیضانی، محب اللہ، محمد عمر

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ، شہر کی تعمیر و ترقی اور نکاسیٔ آب کی بہتری کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، جاوید اختر جمالی

محدود وسائل کے باوجود شہریوں کو بنیادی سہولیات اور درپیش مسائل سے ریلیف کی فراہمی ہماری ترجیح ہے، پریس کلب سے گفتگو

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ شہر کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

یو این ایف پی اے نے چین کے تعاون سے تولیدی صحت کی کٹس محکمہ صحت کے حوالے کر دیں

بلوچستان میں ماں اور نومولود بچوں کی صحت کے تحفظ کیلئے اہم پیش رفت

ان کٹس کا مقصد زچگی کے دوران طبی سہولیات کی مسلسل فراہمی، ہنگامی زچگی کی نگہداشت اور تولیدی صحت کی خدمات کو مؤثر بنانا ہے، مسز سعدیہ عطا


دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین اور نومولود بچوں کو معیاری طبی خدمات تک رسائی فراہم کرنا ایم این سی ایچ پروگرام کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ مقررین

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں زچہ و بچہ کی صحت کی سہولیات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے بہبود آبادی (یو این ایف پی اے) نے حکومتِ چین کے تعاون سے بین الاداراتی تولیدی صحت کی کٹس صوبائی محکمہ صحت کے حوالے کر دیں۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں یو این ایف پی اے کی صوبائی سربراہ مسز سعدیہ عطا نے کٹس محکمہ صحت کے حکام کے حوالے کیں۔

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد کو ایس ڈی او محمد صدیق زہری سول ہسپتال کے ترقیاتی عمل کے متعلق آگاہی فراہم کر رہے ہیں



یو این ایف پی اے بلوچستان کی صوبائی سربراہ مسز سعدیہ عطاء چین کے تعاون سے فراہم کردہ تولیدِ صحت کے کٹس ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر امین مندوخیل کے حوالے سے کر رہی ہیں

مرکزی مجلس عاملہ تنظیم اساتذہ پاکستان زیر صدارت رئیس اللہ ڈنہ منگریو ہوا

ظفر آباد (اے این این) مرکزی مجلس عاملہ تنظیم اساتذہ پاکستان زیر صدارت رئیس اللہ ڈنہ منگریو قائم مقام صدر تنظیم اساتذہ پاکستان تنظیم منزل لاہور میں منعقد ہوا جس میں اجلاس کی افتتاح تلاوت قرآن پاک و درس قرآن مجید سے ہوئی جس کی سعادت پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن ضیاء نے حاصل کی افتتاحی کلمات رئیس اللہ ڈنہ منگریو مرکزی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان و قائم مقام صدر نے ادا کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم اساتذہ پاکستان کا مرکزی اجلاس پورے ملک کے اساتذہ کرام طلبہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کے کنونیئر ڈاکٹر فیصل منان، ڈپٹی کنونیئر ثناء اللہ آغا، حاجی دین محمد سگی، سید کلیم اللہ، سلیم شاہ، مولانا خدائیداد، سید اکبر کاکڑ، میرو خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صحبت پور، ضلع بھر میں ملیریا اور چشم آشوب کی وبا خطرناک حد تک پھیل گئی

سول ڈسپنسریاں زبوں حالی کا شکار، مچھر مار اسپرے نہ ہونے پر عوامی تشویش

صحبت پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور اور اس کی تمام تحصیلوں میں ملیریا اور آنکھوں کے مرض ''چشم آشوب (Pink Eye)'' کی وبا خطرناک حد

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی اسمگلنگ اور کرپشن سے بدامنی کا راج، اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور اور اس کے تمام گرد و نواح میں منشیات کی کھلے عام فروخت اور جوئے کے اڈوں کی سرپرستی کے باعث پوری نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے، جبکہ پولیس اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی مبینہ خاموشی اور بھاری نذرانوں نے شہر میں امن و امان کا نظام مکمل طور پر فلج کر دیا ہے۔ موصولہ رپورٹ کے مطابق صحبت پور ضلع بھر میں اس وقت آئس، کرسٹل اور

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، تورغر یونین اولسی کمیٹی خانوزئی و سیاسی پارٹیوں کے نمائندے حاجی عبید اللہ، خالد شاہ، سمیع اللہ، حاجی بشیر احمد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، عزیز بلوچ

نومنتخب عہدیداران کا بلا مقابلہ منتخب ہونا ان پر ساتھیوں کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ صدر فاطمہ جناح ہاسپٹل



کوئٹہ۔ (پ ر) الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز کوئٹہ یونٹ کے صدر عزیز احمد بلوچ، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم مینگل، چیئرمین میر عبدالعلی کھیازئی، فنانس سیکرٹری ملک حاجی محمد حسن محمد۔ حسنی پریس سیکرٹری خلیل اللہ کھیازئی و دیگر نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی انتخابات میں بلا مقابلہ منتخب ہونے والے تمام

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

نوشکی، غریب آباد حمید کالونی میں قبائلی رہنما کے گھر پر راکٹ حملہ، جانی نقصان سے بچاؤ

نوشکی (یو این اے) ضلع نوشکی کے علاقے غریب آباد حمید کالونی میں ایک سرکردہ قبائلی رہنما کے گھر پر نامعلوم سمت سے داغا گیا راکٹ کا گولہ جا گرا، تاہم خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک راکٹ کا گولہ غریب آباد حمید کالونی میں واقع قبائلی رہنما کے گھر کے مہمان خانے (بیٹھک) پر آ کر دھماکے سے لگا۔ دھماکے سے عمارت کے ایک حصے کو جزوی نقصان پہنچا، تاہم واقعے کے وقت مہمان خانے میں

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اسمبلی میں قرارداد لا کر سرداری نظام ختم نہیں کیا جاسکتا، غلام محمد محمد حسنی

قبائلی نوابی اور سرداری نظام سینکڑوں سال پرانا ہے قوم کا سربراہ سردار ہوتا ہے

کوئٹہ (پ ر) ضلع مستونگ قبائلی رہنما غلام محمد محمد حسنی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بلوچستان کا قبائلی نوابی اور سرداری نظام سینکڑوں سال پرانا ہے

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



جامعہ دار العلوم صدیقیہ کلی درانی کے جلسہ دستار بندی بیاد علامہ حافظ فضل محمد کانفرنس سے جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ، مفتی شفیع الدین، مولانا نیاز محمد، حاجی حیات اللہ کاکڑ آغا ابراہیم شاہ، مولانا رحمت اللہ حقانی خطاب کر رہے ہیں

MD بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون بلوچستان کے نوجوانوں کے مسیحا ہیں، رفیق جتک

جرمن سفیر سے ملاقات پاک سوزوکی سے معاہدہ اور دیگر اقدامات سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) ن لیگ سریاب کے رہنما اور تجربے کار سیاسی ورکر رفیق جتک اور صادق بنگلزئی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں مینجنگ ڈائریکٹر (بی

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صوفی محمد سلیمان نقشبندی کا غوث اعظم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے، محبت اور اتحاد کو فروغ دینے پر زور

سبی (آئی این پی) جماعت اہل سنت کے صوبائی رہنما الحاج صاحبزادہ صوفی محمد سلیمان نقشبندی نے

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج کوئٹہ جاوید بلوچ باصلاحیت اور ذمہ دار شخصیت ہیں، نکری سرور بنگلزئی

موصوف کی سربراہی میں تعلیمی سرگرمیوں کا فروغ مستقبل کے معماروں کی رہنمائی جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) سماجی قبائلی رہنما نکری غلام سرور بنگلزئی اور سید انور دینارزئی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ ڈگری

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں


روزنامہ باخبر کوئٹہ THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے آریانہ پرنٹرز نزد جیمبر
شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر نزد چیمبر
شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان

روزنامہ ''باخبر'' کوئٹہ 27 اکتوبر 2026 ء

بچوں کا استحصال معاشرے میں بگاڑ سنگین خطرہ

کراچی میں بچوں کے جنسی استحصال پر مبنی غیر اخلاقی مواد تیار کر کے بیرونِ ملک فروخت کرنے والے مبینہ گروہ کے خلاف سائبر کرائم حکام نے کارروائی کی ہے۔ حکام کے مطابق، گلستانِ جوہر میں تین کمپنیوں کے نام پر یہ کاروبار چلایا جا رہا تھا۔ کارروائی کے دوران 12 بچوں کو بازیاب کرایا گیا جبکہ متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان بچوں کی ویڈیوز کو اینیمیشن میں تبدیل کر کے امریکا، جرمنی اور دیگر ممالک کے کلائنٹس کو فروخت کرتے تھے۔ اس مقصد کے لیے جعلی سوشل میڈیا اکاونٹس بھی استعمال کیے جاتے تھے۔ عدالت نے گرفتار ملزمان کا جسمانی ریمانڈ منظور کر کے مزید تفتیش کی اجازت دے دی ہے۔ یہ انتہائی تشویش ناک اور حساس معاملہ ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے غیر اخلاقی اور غیر قانونی سرگرمیوں کی اطلاعات مسلسل سامنے آ رہی ہیں۔ اس سے پہلے اسلام آباد میں بھی ایسے گروہوں کے خلاف کارروائیاں ہو چکی ہیں اور اب کراچی سے اس نوعیت کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ یہ سمجھنا درست نہیں ہوگا کہ ایسی سرگرمیاں صرف انھی دو شہروں تک محدود ہیں۔ خدشہ ہے کہ ملک کے دوسرے شہروں میں بھی بعض عناصر اس طرح کے غیر قانونی کاموں میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ اس لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں، بالخصوص نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کو زیادہ فعال، مستعد اور باخبر رہنے کی ضرورت ہے۔ آج ٹیکنالوجی نے جہاں زندگی کے بے شمار معاملات آسان بنائے ہیں، وہاں جرائم پیشہ عناصر نے بھی اسے اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس صورتحال کا تقاضا ہے کہ سائبر کرائم سے متعلق ادارے جدید ٹیکنالوجی اور دستیاب قانونی وسائل کی مدد سے ایسی سرگرمیوں پر موثر نظر رکھیں۔ انٹرنیٹ کے ذریعے مشکوک کاروباری سرگرمیوں، غیر قانونی مواد کی تیاری، اس کی خرید و فروخت اور بیرونِ ملک رابطوں کے ایسے شواہد کا جائزہ لیا جانا چاہیے جو کسی منظم مجرمانہ نیٹ ورک کی نشاندہی کرتے ہوں۔ اسی طرح بعض مقامات پر غیر معمولی آمد و رفت، ایک ہی عمارت میں مختلف افراد کا مسلسل جمع ہونا، مخصوص فلیٹس یا دفاتر میں مشکوک سرگرمیوں کی اطلاعات اور بچوں کی غیر معمولی آمد و رفت جیسے معاملات بھی متعلقہ اداروں کی توجہ کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے بعض مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی ممکن ہے۔ جیو فینسنگ، قانونی طور پر حاصل کردہ ڈیجیٹل شواہد، ڈیجیٹل فرانزک اور سکیورٹی کیمروں کی متعلقہ ریکارڈنگ تفتیش میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ اگر کسی عمارت یا دفتر کے بارے میں قابلِ اعتبار شکایات موصول ہوں تو وہاں ہونے والی سرگرمیوں کا قانون کے مطابق جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ خاص طور پر ایسے مقامات جہاں بچوں کے استحصال کا شبہ ہو، وہاں فوری اور ذمہ دارانہ کارروائی ضروری ہے۔ یہاں ایک اور اہم پہلو بھی توجہ طلب ہے۔ کراچی کے واقعے میں زیرِ حراست افراد میں مبینہ طور پر پڑھے لکھے نوجوان بھی شامل ہیں۔ اگر تعلیم یافتہ افراد اپنی صلاحیتیں ایسے جرائم کے لیے استعمال کر رہے ہیں تو یہ ہمارے تعلیمی اور معاشرتی نظام کے لیے بھی لمحہ فکریہ ہے۔ تعلیم کا مقصد صرف روزگار حاصل کرنا نہیں بلکہ انسان میں اخلاقی شعور، ذمہ داری اور اچھے برے کی تمیز پیدا کرنا بھی ہے۔ جب جدید ٹیکنالوجی کی مہارت انسانی وقار پامال کرنے کا ذریعہ بن جائے تو اس کے نتائج انتہائی خطرناک ہوتے ہیں۔ بچوں کا جنسی استحصال محض ایک غیر قانونی کاروبار نہیں بلکہ معصوم زندگیوں، ان کے اعتماد، ذہنی صحت اور مستقبل پر حملہ ہے۔ ایسے بچوں کو صرف بازیاب کرا لینا کافی نہیں، ان کی نفسیاتی بحالی، تحفظ، تعلیم اور باوقار زندگی کی طرف واپسی بھی یقینی بنانا ہوگی۔ ان کی شناخت اور نجی معلومات کو ہر صورت محفوظ رکھا جانا چاہیے تاکہ وہ مزید کسی اذیت یا معاشرتی دباو کا شکار نہ ہوں۔ اس نوعیت کے جرائم ہمارے مذہبی، اخلاقی اور معاشرتی اصولوں کے بھی منافی ہیں۔ دوسری طرف، ایسے واقعات سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا تشخص متاثر ہوتا ہے اور معاشرے میں عدم تحفظ کا احساس بڑھتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ سائبر کرائم کے ادارے، پولیس، بچوں کے تحفظ کے محکمے اور دیگر متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ مشتبہ نیٹ ورکس کے خلاف بر وقت تحقیقات ہوں، شواہد محفوظ کیے جائیں اور جرم ثابت ہونے پر ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ اگر ان سرگرمیوں کو ابتدا ہی میں موثر طریقے سے نہ روکا گیا تو خدشہ ہے کہ یہ منظم نیٹ ورکس بڑے دفاتر اور عمارتوں سے نکل کر عام گلی محلوں تک بھی پھیل سکتے ہیں جہاں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے انھیں قابو کرنا ممکن نہیں رہے گا۔

27 اکتوبر: یومِ سیاہ کشمیر



تحریر: حسیب زیدی

جموں و کشمیر کی ریاست 1846 کے معاہد امرتسر سے وجود میں آئی۔ اس معاہدے کے تحت انگریزوں نے یہ علاقہ مہاراجہ گلاب سنگھ کو فروخت کیا۔ ریاست کی آبادی کی اکثریت مسلمان تھی، جبکہ حکمران ڈوگرا ہندو خاندان تھا۔ بیسویں صدی میں شیخ عبداللہ کی نیشنل کانفرنس اور مسلم کانفرنس جیسی جماعتیں مہاراجہ کی حکمرانی کے خلاف سرگرم ہوئیں۔ مہاراجہ ہری سنگھ کے غیر مقبول راج کے خلاف 1947 کے اوائل میں پونچھ میں بغاوت شروع ہوئی -برطانوی ہند کی تقسیم کے فارمولے کے مطابق آبادی کو سامنے رکھ کر بھارت یا پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کرنا تھا اور چونکہ جموں و کشمیر مسلم اکثریت کے علاقے تھے تو کشمیر کا فطری اور بنیادی الحاق پاکستان سے ہونا تھا مگر مہاراجہ ہری سنگھ نے یہ فیصلہ مخر کر دیا اور 26 اکتوبر کو غیر قانونی طور پر بھارت سے الحاق کر دیا اور 27 اکتوبر کو بھارت نے سری نگر میں اپنی فوج اتار دی -دنیا بھر کے کشمیری اور پاکستانی عوام 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ 27 اکتوبر، 1947 میں سری نگر میں بھارتی فوج کے اترنے کے ساتھ جو ظلم و بربریت کی داستان شروع ہوئی تھی وہ آج 79 سال بعد بھی جاری ہے -پاکستان میں اس دن کو اس تنازع کے آغاز کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جو جنگوں، معاہدوں اور نسلوں سے آگے نکل چکا ہے۔ پاکستان کا مقف ہے کہ یہ اقدام تقسیم کے منصوبے کی خلاف ورزی تھا اور کشمیری عوام کی مرضی کے خلاف تھا۔ پاکستان گورنر جنرل ماؤنٹ بیٹن کے اس جواب کا بھی حوالہ دیتا ہے جس میں کہا گیا تھا کہ الحاق کا سوال عوام کی رائے سے طے کیا جائے گا مگر بھارت نے عوامی امنگوں کے برعکس کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کر لیا اور نہتی کشمیری عوام پر ظلم و جبر کے پہاڑ ڈھانا شروع کر دیے جس کا سلسلہ آج تک جاری ہے -ڈوگرہ حکمران کے بھارت کے ساتھ الحاق کو پاکستان اور کشمیری عوام نے چیلنج کیا، جس کے نتیجے میں پہلی پاک بھارت جنگ چھڑ گئی۔ بھارت یہ معاملہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں لے گیا، اور یکم جنوری 1949 کو جنگ بندی نافذ ہوئی، جس کے ساتھ اقوام متحدہ کی قراردادوں میں کشمیریوں کو رائے شماری کے ذریعے اپنا سیاسی مستقبل خود طے کرنے کا حق دینے کا مطالبہ بھی شامل تھا۔ یہ رائے شماری کبھی نہیں ہو سکی۔ فروری 1964 میں بھارتی پارلیمنٹ نے باقاعدہ طور پر جموں و کشمیر کو بھارتی یونین کا اٹوٹ انگ قرار دے دیا اور ایک ایسا موقف جسے پاکستان نے کبھی تسلیم نہیں کیا۔ بھارتی آئین کی دفعہ 370، جو 1949 میں منظور ہوئی، جموں و کشمیر کو ایک خصوصی خودمختار حیثیت دیتی تھی جس میں اپنا آئین، اپنا پرچم، اور دفاع، خارجہ امور اور مواصلات کے سوا تمام معاملات میں فیصلہ سازی کا اختیار۔ دفعہ 35-A، جو 1954 میں شامل کی گئی، ریاستی مقننہ کو یہ اختیار دیتی تھی کہ وہ مستقل باشندوں کی تعریف کرے اور ان کے لیے مخصوص حقوق محفوظ رکھے۔ یہ پورا نظام 5 اگست 2019 کو اس وقت ختم کر دیا گیا جب بھارتی حکومت نے دونوں دفعات منسوخ کر دیں، خطے کی ریاستی حیثیت ختم کر دی، اور اسے دو مرکز کے زیرِ انتظام یونین ٹیریٹریز جموں و کشمیر اور لداخ میں تقسیم کر دیا 27-- اکتوبر یوم کے طور پر منایا جاتا ہے جس کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا ہے 27 - اکتوبر کو ملک بھر میں خصوصا "پنجاب میں خصوصی سرگرمیاں دیکھنے میں آتی ہیں، جن میں پنجاب کے شہروں اور قصبوں میں کشمیریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے خصوصی ریلیاں اور مظاہرے کئے جاتے ہیں -سکولوں، کالجوں، دفاتر اور سرکاری اداروں میں ایک منٹ کی خاموشی کی جاتی ہے -جامعات، سرکاری محکموں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے زیرِ اہتمام، مقبوضہ کشمیر کی صورتحال اجاگر کرنے کے لیے سیمینارز، کانفرنسز، تقریری مقابلے اور تصویری نمائشوں کا اہتمام کیا جاتا ہے - پنجاب کونسل آف آرٹس کے زیر انتظام خصوصی ڈاکومنٹریز دکھائی جاتی ہیں - الیکٹرانک میڈیا چینلز پر خصوصی دستاویزی فلمیں اور نغمے چلائے جاتے ہیں -ڈپٹی کمشنر چکوال وتلہ گنگ سارہ حیات کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی طرف سے ضلع بھر میں ریلیوں، سیمینارز، تقریری مقابلوں اور تصویری نمائشوں کے انتظامات کیے جاتے ہیں -بینرز، سٹیمرز اور بورڈز آویزاں کیے جاتے ہیں -منتظمین اس دن کو مقبوضہ کشمیر میں رپورٹ ہونے والی مشکلات کی یاد دہانی کے طور پر پیش کرتے ہیں، جن میں سکیورٹی پابندیاں، مواصلاتی بندش، اور گرفتاریاں شامل ہیں -بیرونی ممالک میں موجود پاکستانی مشنز میں بھی کشمیری عوام کے حقوق کے لیے خصوصی تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ سفارتی سطح پر پاکستان کی کوششیں عموما ملکی ریلیوں سے کہیں آگے تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر، سلامتی کونسل کے صدر، سیکرٹری جنرل، انسانی حقوق کے ہائی کمشنر، اور اسلامی تعاون تنظیم)او آئی سی(کے سیکرٹری جنرل کو باضابطہ خطوط لکھے، جن میں کشمیر سے متعلق سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا گیا اور انسانی حقوق کی صورتحال نیز سیاسی قیدیوں کی حالت پر تشویش کا اظہار کیا گیا -بین الاقوامی سطح پر ہر فورم پر پاکستان نے کشمیر کا مسئلہ اجاگر کیا اور اس کے منصفانہ حل پر زور دیا ہے۔

ٹرمپ کا سیاسی زوال

تحریر: حمید علی

امریکہ میں تین نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی جماعت ریپبلکن پارٹی کے لیے محض انتخابی مقابلہ نہیں، بل کہ ان کی سیاسی ساکھ، معاشی پالیسیوں اور عوامی وعدوں کی تکمیل کا ایک بڑا امتحان ہیں۔ یہ انتخابات ایسے وقت میں ہو رہے ہیں جب امریکی عوام مہنگائی، ایران کے ساتھ جنگ، تجارتی محصولات، امیگریشن پالیسیوں اور حکومتی اخراجات جیسے اہم مسائل سے دوچار ہیں۔ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالتے وقت امریکی معیشت کو مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع بڑھانے، سرحدوں کو محفوظ بنانے اور امریکہ کو دوبارہ عظیم بنانے کے وعدے کیے تھے، مگر اب سوال یہ ہے کہ کیا وہ اپنے وعدوں کو عملی کامیابی میں تبدیل کر سکے ہیں۔ اگر عوام کو اپنے حالات میں بہتری محسوس نہ ہوئی تو خدشہ ہے کہ ٹرمپ نہ صرف انتخابی حمایت کھو بیٹھیں گے، بل کہ امریکی عوام کا اعتماد بھی ان کے ہاتھ سے نکل سکتا ہے۔

امریکی سیاسی نظام میں وسط مدتی انتخابات کو خصوصی اہمیت حاصل ہے، کیوں کہ ان کے ذریعے صدر کی مقبولیت اور حکومتی کارکردگی کے بارے میں عوامی رائے سامنے آتی ہے۔ اس مرتبہ ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں سمیت متعدد ریاستی عہدوں پر مقابلہ ہوگا۔ ان انتخابات کے نتائج یہ طے کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے کہ ریپبلکن پارٹی کانگریس میں اپنی گرفت برقرار رکھ پاتی ہے یا ڈیموکریٹک پارٹی اسے چیلنج کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے۔ اگر ریپبلکن جماعت کو ایوانِ نمائندگان یا سینیٹ میں اکثریت سے محروم ہونا پڑا تو ٹرمپ کے لیے قانون سازی، بجٹ کی منظوری اور اپنے سیاسی ایجنڈے پر عمل درآمد مشکل ہو سکتا ہے۔ یوں یہ انتخابی معرکہ ان کی صدارت کے باقی عرصے کی سمت بھی متعین کرے گا۔

اس تمام صورت حال میں سب سے بڑا چیلنج معیشت ہے۔ امریکی عوام کے لیے سیاسی نعروں سے زیادہ اہم ان کے گھریلو اخراجات ہیں۔ اشیائے خورونوش، رہائش، بجلی و گیس، پیٹرول، طبی سہولتوں اور انشورنس کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عام شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کرتی ہیں۔ ایک متوسط طبقے کا خاندان جب اپنی آمدن کا بڑا حصہ بنیادی ضروریات پر خرچ کرنے پر مجبور ہو تو اس کے لیے حکومتی کامیابیوں کے دعووں پر یقین کرنا آسان نہیں رہتا۔ ٹرمپ کی سیاسی مقبولیت کا ایک بڑا سبب معاشی بہتری اور عوام کو مالی ریلیف فراہم کرنے کا وعدہ تھا۔ اگر عوام کو محسوس ہوا کہ ان کی آمدن کے مقابلے میں اخراجات بڑھ رہے ہیں اور ان کے معیارِ زندگی میں بہتری نہیں آ رہی تو یہی معاشی مسئلہ ریپبلکن پارٹی کے لیے انتخابی نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔

ٹرمپ کی تجارتی پالیسی بھی ایک اہم سوالیہ نشان ہے۔ درآمدی اشیا پر محصولات عائد کرنے کا مقصد امریکی صنعتوں کو تحفظ فراہم کرنا، مقامی پیداوار کو فروغ دینا اور ملکی روزگار کے مواقع بڑھانا بتایا جاتا ہے۔ تاہم اس پالیسی کے اثرات امریکی صارفین اور کاروباری اداروں تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔ اگر درآمدی خام مال اور تیار شدہ مصنوعات مہنگی ہوں تو ان کے اخراجات بالآخر صارفین پر منتقل ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ تجارتی شراکت داروں کی جانب سے جوابی اقدامات امریکی برآمدات کے لیے بھی مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔ چوں کہ معیشت محض حکومتی اعلانات سے نہیں، بل کہ روزگار، قوتِ خرید اور کاروباری اعتماد سے مضبوط ہوتی ہے، اس لیے ٹرمپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ ان کی تجارتی حکمت عملی امریکی عوام کے مفاد میں ہے۔

ایران کے ساتھ جنگ اور خارجہ پالیسی کے معاملات بھی انتخابی نتائج پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ کسی بھی جنگ کے انسانی اور معاشی اثرات سرحدوں تک محدود نہیں رہتے۔ توانائی کی عالمی منڈی میں بے یقینی، تیل کی قیمتوں میں اضافے اور دفاعی اخراجات میں وسعت کے اثرات عام شہریوں تک پہنچ سکتے ہیں۔ امریکی عوام کے ایک حصے کے لیے قومی سلامتی بنیادی ترجیح ہے، جب کہ دوسرا طبقہ یہ سوال اٹھا سکتا ہے کہ بیرونِ ملک فوجی کارروائیوں پر وسائل خرچ کرنے کے مقابلے میں ملکی مسائل کو کتنی اہمیت دی جا رہی ہے۔ اگر جنگ طویل ہوتی ہے، اس کے اخراجات بڑھتے ہیں یا اس کے نتائج واضح نہیں ہوتے تو ٹرمپ انتظامیہ کو عوامی حمایت برقرار رکھنے میں دشواری پیش آ سکتی ہے۔ جنگ کے بارے میں حکومتی فیصلوں کی کامیابی کا اندازہ صرف عسکری نتائج سے نہیں، بل کہ ان کے معاشی اور انسانی اثرات سے بھی لگایا جائے گا۔

امیگریشن کا مسئلہ بھی ریپبلکن پارٹی کے لیے دو دھاری تلوار ثابت ہو سکتا ہے۔ ٹرمپ نے غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام اور سرحدی نگرانی کو اپنی پالیسی کا مرکزی نکتہ بنایا ہے۔ ان کے حامی اسے قومی سلامتی، قانون کی عمل داری اور ملکی وسائل کے تحفظ کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔ تاہم سخت گیر اقدامات، خاندانوں کی علیحدگی، قانونی طریق کار اور تارکینِ وطن کے ساتھ سلوک سے متعلق خدشات بھی سیاسی بحث کا حصہ ہیں۔ امریکی معاشرے میں ایسے شہری بھی موجود ہیں جو سرحدوں کے تحفظ کی حمایت کرتے ہیں، مگر انسانی حقوق اور قانونی تقاضوں کو نظرانداز کرنے کے حق میں نہیں۔ ٹرمپ کے لیے اصل چیلنج یہ ہوگا کہ وہ قانون کے نفاذ اور انسانی وقار کے درمیان توازن قائم کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوتے ہیں۔

ریپبلکن پارٹی کو ایک اور مشکل اپنے مختلف انتخابی حلقوں کی توقعات پوری کرنے کے سلسلے میں درپیش ہو سکتی ہے۔ پارٹی کے روایتی حامی، کاروباری طبقہ، نوجوان ووٹرز اور متوسط آمدن والے خاندان ہر معاملے کو ایک ہی نظر سے نہیں دیکھتے۔ بعض ووٹرز کے لیے ٹیکسوں میں کمی اور کاروباری سرگرمیوں کا فروغ اہم ہے، جب کہ دوسروں کے لیے صحت، تعلیم، روزگار اور سماجی تحفظ زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ اگر پارٹی اپنے بنیادی حامیوں کو مطمئن کرنے کی کوشش میں غیر جانب دار اور ناراض ووٹرز کے خدشات نظر انداز کرتی ہے تو اس کی انتخابی بنیاد کمزور پڑ سکتی ہے۔ دوسری جانب ڈیموکریٹک پارٹی کو بھی اپنی پالیسیوں، قیادت اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے قابلِ اعتماد متبادل پیش کرنا ہوگا۔ صرف حکومت پر تنقید کرنا کافی نہیں، ووٹرز کو یہ یقین دلانا بھی ضروری ہے کہ تبدیلی ان کے حالات بہتر بنا سکتی ہے۔

تین نومبر کے انتخابات کا فیصلہ امریکی عوام اپنے تجربات، توقعات اور مستقبل کے خدشات کی روشنی میں کریں گے۔ ٹرمپ کے لیے سب سے بڑا خطرہ محض چند نشستوں کا نقصان نہیں، بل کہ عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کی کم ہوتی ہوئی خلیج ہے۔ جمہوریت میں عوامی اعتماد کسی بھی سیاسی رہنما کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتا ہے، اور جب وعدوں اور عملی نتائج کے درمیان فاصلہ بڑھنے لگے تو مقبولیت بھی کمزور پڑنے لگتی ہے۔ اگر مہنگائی پر قابو پانے، معاشی استحکام پیدا کرنے، جنگ کے اثرات محدود رکھنے اور عوامی مسائل حل کرنے میں واضح پیش رفت نہ ہوئی تو ریپبلکن پارٹی کو سخت انتخابی ردعمل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ خدشہ یہی ہے کہ ٹرمپ اپنی پالیسیوں کے باعث امریکی عوام کا اعتماد کھو دیں گے، اور اگر ایسا ہوا تو اس کے اثرات صرف وسط مدتی انتخابات تک محدود نہیں رہیں گے، بل کہ ان کی سیاسی میراث اور مستقبل کی امریکی سیاست پر بھی مرتب ہوں گے۔

سلطنتِ پکھلی اور دیوان راجہ بابا

تحریر و تحقیق: نجیم شاہ

ہزارہ کی تاریخ قلعوں، سلاطین اور جنگوں تک محدود نہیں، بلکہ صوفیا، شعرا اور اہلِ دل بھی اس تاریخ کا روشن حصہ ہیں۔ بفہ کے قریب گلی باغ اسی ورثے کا ایک اہم مرکز ہے۔ کبھی پکھلی کے ترک حکمرانوں کا دارالحکومت رہنے والے اس علاقے میں قلعہ فیروزہ، شاہی مقابر اور قدیم عمارات کے آثار موجود ہیں۔ انہی آثار میں دیوان راجہ بابا کا مزار بھی شامل ہے، جو آج تک عقیدت مندوں کی توجہ کا مرکز ہے۔

1907ء کے سرکاری ''ہزارہ ڈسٹرکٹ گزیٹیر'' میں گلی باغ کی ''زیارت دیوان راجہ بابا'' کا باقاعدہ ذکر ملتا ہے۔ اس ماخذ کے مطابق عیدین کے مواقع پر لوگ یہاں جمع ہوتے اور نذرانے پیش کرتے تھے۔ یہ حوالہ اس بات کی اہم شہادت ہے کہ گزشتہ صدی کے آغاز سے پہلے بھی دیوان راجہ بابا کی زیارت پکھلی میں معروف تھی۔ یوں اُن کا مزار محض موجودہ دور کی روایت نہیں بلکہ ایک قدیم مذہبی اور سماجی مرکز کی حیثیت رکھتا تھا۔

آثارِ قدیمہ کے محققین دیوان راجہ بابا کا نام دیوان راجہ فقیر محمد لکھتے ہیں اور اُنہیں سلطان محمود خرد کا معاصر قرار دیتے ہیں۔ سلطان محمود خرد پکھلی کے ترک حکمرانوں میں آخری فرمانروا تھا اور گلی باغ اس کے اقتدار کا اہم مرکز تھا۔ یہاں قلعہ، شاہی عمارات اور سلاطین کے مقابر موجود تھے۔ اسی تاریخی ماحول میں دیوان راجہ بابا کی موجودگی اُنہیں اس عہد کی مذہبی اور سماجی زندگی کی اہم شخصیت بناتی ہے۔

دیوان راجہ بابا کی شخصیت کا ایک نمایاں پہلو اُنکی فارسی شاعری ہے۔ مقامی محقق محمد خواص خان نے 1981ء میں ''دیوان راجہ بابا: احوال و آثار مع کلام'' کے عنوان سے مستقل کتاب شائع کی، جس میں اُن کے حالات، آثار اور فارسی کلام شامل ہے۔ اس تصنیف سے معلوم ہوتا ہے کہ مقامی علمی روایت انہیں صرف صاحبِ مزار بزرگ نہیں بلکہ قادرالکلام صوفی شاعر بھی سمجھتی ہے۔ یوں اُن کی شخصیت پکھلی کی روحانی تاریخ کے ساتھ فارسی ادب سے بھی جڑ جاتی ہے۔

دیوان راجہ بابا کے نسب کے بارے میں مختلف روایات موجود ہیں۔ بعض خاندانی شجروں میں اُنہیں سید راجہ دیوان، شاہ راجہ دیوان یا محمد شاہ راجہ دیوان کہا گیا ہے اور سادات مشہدی یا کاظمی سے نسبت دی گئی ہے۔ بعض روایات اُن کا نسب حضرت بری امام ﷺ تک پہنچاتی ہیں۔ تاہم قدیم سرکاری اور آثارِ قدیمہ کے ماخذوں میں اس مکمل شجرۂ نسب کی آزادانہ تصدیق نہیں ملتی۔ اس لیے اسے خاندانی روایت کے طور پر بیان کرنا تاریخی احتیاط کا تقاضا ہے۔

ان کی شہادت کے بارے میں ''ثقافتِ سرحد'' میں ایک اہم روایت نقل ہوئی ہے۔ مصنف کے مطابق حضرت دیوانہ راجہ بابا ایک قادرالکلام صوفی شاعر اور بزرگ ہستی تھے جنہیں ترکوں کے آخری شہزادے اکبر خان نے شہید کرایا۔ روایت کے مطابق اکبر خان عیاش اور ظالم حکمران تھا، جبکہ دیوانہ بابا اسے تبلیغ کے ذریعے نازیبا اور اخلاق سوز حرکات سے روکنا چاہتے تھے۔ اُن کی اصلاحی کوشش شہزادے کی بدمستیوں میں رکاوٹ بنی اور اسی بنا پر انہیں شہید کرا دیا گیا۔

اس روایت کو قطعی تاریخی واقعہ قرار دینے سے پہلے ماخذی احتیاط ضروری ہے۔ 1907ء کا گزیٹیر اور جدید آثار قدیمہ کے مطالعات دیوان راجہ بابا کے مزار اور گلی باغ میں اُن کی موجودگی کی تائید کرتے ہیں، لیکن اکبر خان کے ہاتھوں اُن کی شہادت کی تفصیل ان ماخذوں میں نہیں ملتی۔ اس لیے شہادت کے واقعے کو ''ثقافتِ سرحد'' کی منقول روایت کے طور پر پیش کرنا مناسب ہے۔ یہی اُصول نسب کے بارے میں بھی ملحوظ رہنا چاہیے، تاکہ روایت اور مستند تاریخی شہادت میں فرق برقرار رہے۔

دیوان راجہ بابا کا زمانہ پکھلی میں ترک اقتدار کے زوال کا زمانہ بھی تھا۔ 17ویں صدی کے اواخر میں سواتی قبائل کی پیشقدمی، مقامی سیاسی تبدیلیوں اور ترک حکمرانوں کی کمزوری نے خطے کا نقشہ بدل دیا۔ گلی باغ کی شاہی حیثیت ختم ہوئی، مگر وہاں کے مزارات اور مذہبی مراکز عوامی حافظے میں باقی رہے۔ دیوان راجہ بابا کا مزار بھی اسی تاریخی تبدیلی کا خاموش گواہ ہے، جہاں سلطنت ختم ہوئی مگر روحانی نسبت باقی رہی۔

گلی باغ کے آثار آج بھی پکھلی کے اُس دور کی یاد دلاتے ہیں جب ترک سلاطین، صوفیا اور فارسی ادب ایک ہی تہذیبی منظرنامے کا حصہ تھے۔ دیوان راجہ بابا کا مزار اسی منظرنامے کی ایک اہم کڑی ہے۔ 1907ء کا گزیٹیر، آثار قدیمہ کی تحقیقات اور محمد خواص خان کی تصنیف اُن کی شخصیت کے مختلف پہلو سامنے لاتی ہیں۔ اُن کے نسب، سیاسی کردار اور شہادت سے متعلق روایات مزید تحقیق کی متقاضی ہیں، تاہم مقامی تاریخ میں اُن کا مقام نمایاں ہے۔ سلطنتِ پکھلی کا اقتدار وقت کی گرد میں گم ہو گیا، قلعے ویران ہوئے اور شاہی دربار قصہٗ ماضی بن گئے، مگر گلی باغ نے دیوان راجہ بابا کی یاد محفوظ رکھی۔ اُن کی شخصیت میں تصوف، فارسی شاعری، مقامی روایت اور پکھلی کی سیاسی تاریخ ایک دُوسرے سے جڑی دکھائی دیتی ہے۔ دیوان راجہ بابا کا مزار آج بھی اس عہد کی یادگار ہے اور پکھلی کی تہذیبی و روحانی تاریخ میں اُن کے کردار کی گواہی دیتا ہے۔

آزمائشیں، قربانیاں اور اہلِ حق کی استقامت

تحریر: ذوالفقار علی طارق قادری

دینِ اسلام کی تاریخ صبر و استقامت، قربانی، حق گوئی اور ثابت قدمی کی روشن مثالوں سے بھری ہوئی ہے۔ اسلام کے آغاز سے لے کر آج تک مختلف ادوار میں مسلمانوں کو طرح طرح کے چیلنجز اور آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ کبھی فکری مخالفت کی صورت میں، کبھی سیاسی حالات کے ذریعے اور کبھی دینی و معاشرتی مشکلات کی شکل میں۔ تاہم تاریخ ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ مشکلات خواہ کتنی ہی شدید کیوں نہ ہوں، ایمان، علم، اتحاد اور حسنِ کردار کی قوت انسان کو ثابت قدم رہنے کا حوصلہ عطا کرتی ہے۔ ہر دور میں ایسے اہلِ علم، مردانِ مجاہد اور صاحبِ کردار شخصیات پیدا ہوئیں جنہوں نے دین کی خدمت، حق و انصاف کے قیام اور معاشرے کی اصلاح کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیں۔ ان کی جدوجہد ہمیں یہ یاد دلاتی ہے کہ دین سے وابستگی محض جذباتی نعروں کا نام نہیں، بلکہ اس کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ انسان اپنی زندگی میں سچائی، دیانت، عدل، برداشت اور خدمتِ خلق کو جگہ دے۔

روایت کے مطابق، ہلاکو خان کی بیٹی نے وقت کے ایک بزرگ سے پوچھا کہ آج ہم تمہارے حکمران ہیں، کیا تم اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہو؟ اس سوال کے جواب میں بزرگ نے بہت ہی خوبصورت انداز میں کہا کہ چرواہے اور کتے کی مثال بیان کی، جو ریوڑ سے بچھڑنے والی بھیڑوں اور بکریوں کو واپس جمع کرنے کے لیے ان کے ساتھ رہتا ہے۔ اس حکایت کا بنیادی پیغام خود احتسابی اور اپنی اصل منزل کی طرف واپسی ہے۔ یہ ہمیں سوچنے پر مجبور رتی ہے کہ جب افراد اور معاشرے اپنے بنیادی اصولوں، اخلاقی اقدار اور ذمہ داریوں سے دور ہو جاتے ہیں تو انہیں اپنی اصلاح کی ضرورت ہوتی ہے۔ آج بھی ہمیں اپنے گریبان میں جھانکنے کی ضرورت ہے۔ کیا ہم نے اپنی اجتماعی زندگی میں عدل، دیانت، اخوت اور باہمی احترام کو وہ مقام دیا ہے جس کی تعلیم اسلام دیتا ہے؟ کیا ہم اپنے اختلافات کو حکمت سے حل کرنے اور معاشرے میں امن و انصاف قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں؟ ان سوالات کے جواب تلاش کیے بغیر حقیقی اصلاح ممکن نہیں۔

مساجد و مدارس اور موجودہ حالات

ہمارے ملک میں مساجد، مدارس اور دینی سرگرمیوں سے متعلق بعض معاملات نے مذہبی حلقوں میں تشویش پیدا کی ہے۔ مساجد کو سیل کرنے، مدارس اور علما کے خلاف کارروائیوں اور دینی سرگرمیوں پر پابندیوں کے حوالے سے اٹھنے والے سوالات سنجیدہ توجہ کے متقاضی ہیں۔ مسجد مسلمانوں کی عبادت، تربیت اور اجتماعی وابستگی کا مرکز ہے، جبکہ مدارس دینی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان اداروں سے متعلق تمام معاملات قانون، شواہد، انصاف اور شفافیت کی بنیاد پر حل ہونے چاہئیں۔ اگر کسی ادارے کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے تو اس کے ازالے کے لیے قانونی اور آئینی راستہ اختیار کرنا ضروری ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کے بنیادی حقوق، مذہبی آزادی اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔ اسی طرح دینی اداروں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ قانون کی پاسداری، شفافیت، تعلیم کے معیار اور معاشرتی امن کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ مشکلات کا مقابلہ جذباتی ردِعمل کے بجائے حکمت، دلیل، اتحاد اور پرامن جدوجہد سے کرنا چاہیے۔ یہی طرزِ عمل معاشرے میں اعتماد کو مضبوط اور مسائل کے حل کو ممکن بناتا ہے۔

اہلِ حق کی استقامت اور ہماری ذمہ داریاں

تاریخ کا مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ قومیں آزمائشوں سے گزرتی ہیں، غلطیوں سے سیکھتی ہیں اور اپنے عزم و کردار کے ذریعے آگے بڑھتی ہیں۔ اس لیے مایوسی کے بجائے امید، انتشار کے بجائے اتحاد اور نفرت کے بجائے محبت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دینِ اسلام کی خدمت کا تقاضا ہے کہ ہم علم حاصل کریں، نئی نسل کی اخلاقی و دینی تربیت کریں، مظلوموں کے حقوق کے لیے آواز اٹھائیں اور اپنے معاشرے میں عدل و انصاف کے قیام کی کوشش کریں۔ ہمیں اختلافِ رائے کے باوجود ایک دوسرے کا احترام کرنا اور اپنے مقف کو مہذب، قانونی اور پرامن انداز میں پیش کرنا چاہیے۔ قربانی صرف جان و مال دینے کا نام نہیں؛ اپنے مفادات کو اجتماعی بھلائی پر قربان کرنا، سچائی پر قائم رہنا، دوسروں کے حقوق ادا کرنا اور معاشرے کی اصلاح کے لیے مسلسل محنت کرنا بھی قربانی کی اہم صورتیں ہیں۔

اتحادِ امت: وقت کی اہم ضرورت

آج امتِ مسلمہ کو باہمی اتحاد، علم، برداشت اور حکمت کی ضرورت ہے۔ مسلکی و گروہی اختلافات کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے ہمیں مشترکہ اقدار کو مضبوط کرنا چاہیے۔ ہماری اصل قوت ایمان کے ساتھ علم، کردار، اخلاق اور باہمی تعاون میں پوشیدہ ہے۔ دینِ اسلام کی سربلندی اسی وقت ممکن ہے جب ہمارے قول و فعل میں یکسانیت ہو، ہماری زندگیوں میں اسلامی تعلیمات کی عملی جھلک نظر آئے اور ہمارے رویوں سے امن، انصاف اور انسانیت کے احترام کا پیغام ملے۔ ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ مشکلات کے باوجود امید کا دامن نہیں چھوڑیں گے، اپنے حقوق کے لیے آئینی اور پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے اور معاشرے میں دینی و اخلاقی اقدار کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

دینِ اسلام کی تاریخ ہمیں صبر، استقامت، خود احتسابی اور قربانی کا درس دیتی ہے۔ آج بھی ہماری کامیابی اسی میں ہے کہ ہم اپنے ایمان کو مضبوط کریں، اپنے کردار کو بہتر بنائیں اور اتحاد و اتفاق کے ساتھ معاشرے کی اصلاح کے لیے کوشش کریں۔ حالات خواہ کتنے ہی دشوار کیوں نہ ہوں، علم، حکمت، صبر اور پرامن جدوجہد کا راستہ اختیار کر کے بہتری کی امید برقرار رکھی جا سکتی ہے۔ ہمیں اپنے دین سے وابستگی کو اپنے کردار اور عمل سے ثابت کرنا ہے اور ایسی مثال قائم کرنی ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنے۔

اللہ تعالیٰ دینِ اسلام کی حفاظت فرمائے، مساجد و مدارس کو آباد رکھے، اہلِ ایمان کو صبر و استقامت عطا فرمائے، ہمارے وطنِ عزیز پاکستان کو امن و سلامتی نصیب کرے اور پوری امتِ مسلمہ کو اتحاد و اتفاق کی دولت سے مالا مال فرمائے۔

آمین یارب العالمین!

میری راتوں کا چاند کھو گیا

تحریر: چوہدری راحیل جہانگیر

کچھ جدائیاں ایسی ہوتی ہیں جن کے بعد زندگی پہلے جیسی نہیں رہتی۔ سانسیں چلتی رہتی ہیں، دن رات گزرتے رہتے ہیں، لوگ ملتے ہیں، باتیں ہوتی ہیں، مگر انسان کے اندر کہیں ایک ایسی خاموشی اتر جاتی ہے جسے دنیا کی کوئی آواز ختم نہیں کر سکتی۔ کچھ لوگ ہماری زندگی سے رخصت نہیں ہوتے، وہ ہماری زندگی ہی کا ایک حصہ اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔

میری زندگی میں بھی 13 اکتوبر 2026 ایسا ہی ایک دن بن کر آیا، جس نے میرے 42 سالہ رفاقت کے سفر کو اچانک ادھورا کر دیا۔ 24 اکتوبر 1984 کو شروع ہونے والا وہ حسین سفر، جس میں میری اہلیہ محترمہ نے زندگی کے ہر نشیب و فراز میں میرا ہاتھ تھامے رکھا، اس روز اچانک رک گیا۔ میری ہمسفر راہیِ ملکِ عدم ہو گئیں اور میں اس راستے پر تنہا رہ گیا جس پر ہم نے چار دہائیوں سے زیادہ عرصہ ایک ساتھ سفر کیا تھا۔

وہ میری اہلیہ تھیں، مگر صرف اہلیہ نہیں تھیں۔ وہ میری بہترین دوست تھیں، میری رازدار تھیں، میری غم گسار تھیں، میری خوشیوں کی شریک اور میرے دکھوں کی ساتھی تھیں۔ وہ میرے گھر کی رونق، میرے دل کا سکون، میری زندگی کی ساتھی اور میری راتوں کا چاند تھیں۔ آج وہ چاند میرے آسمان پر نہیں رہا۔

گھر وہی ہے، دیواریں وہی ہیں، در و دیوار بران کی یادیں بھی وہی ہیں، مگر گھر کی وہ روشنی کہیں کھو گئی ہے جو ان کی موجودگی سے پیدا ہوتی تھی۔ گھر کے ہر کونے میں ان کی آواز، ان کی گفتگو، ان کی مسکراہٹ اور ان کی محبت کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔ کبھی کبھی بے اختیار دل چاہتا ہے کہ ابھی آواز دوں گا تو جواب آئے گا، مگر اگلے ہی لمحے حقیقت اپنی پوری شدت کے ساتھ سامنے آ کھڑی ہوتی ہے۔ "وہ نہیں ہیں۔"

اور یہی دو لفظ دل کو اندر تک توڑ دیتے ہیں۔

وہ ایک نیک، صالح، نرم دل، خوش اخلاق اور ملنسار خاتون تھیں۔ ان کی شخصیت کا سب سے خوبصورت پہلو ان کا بے غرض خلوص تھا۔ انہوں نے اپنی زندگی میں شاید ہی کبھی کسی کے لیے برا سوچا ہو۔ دوسروں کی خوشی میں خوش ہونا اور کسی کے دکھ میں دل گرفتہ ہو جانا ان کی فطرت تھی۔ جو بھی ان سے ملا، ان کے خلوص کا قائل ہو گیا۔ وہ رشتے بنانے والی ہی نہیں بلکہ رشتے نبھانے والی خاتون تھیں اور میرے ساتھ ان کی رفاقت تو میری زندگی کی سب سے بڑی نعمت تھی۔

42 برس کے اس طویل سفر میں انہوں نے کبھی زندگی کی مشکلات کو میرے لیے بوجھ نہیں بننے دیا۔ انہوں نے میرے دکھ اپنے حصے میں لے لیے اور میری خوشیوں کو اپنی خوشی سمجھا۔ گھر کی ذمہ داریاں، بچوں کی پرورش، رشتوں کی پاسداری اور زندگی کی بے شمار آزمائشیں، انہوں نے خاموشی اور صبر کے ساتھ نبھائیں۔ انہوں نے کبھی شکوہ نہیں کیا۔ شاید یہی ایک اچھی شریکِ حیات کی سب سے بڑی پہچان ہوتی ہے کہ وہ زندگی کی آسانیوں میں ساتھ چلنے کے ساتھ ساتھ مشکل وقت میں ڈھال بن کر کھڑی ہو جائے۔

مجھے ڈینگی بخار ہوا تو تقریباً تین ماہ تک انہوں نے جس محبت، صبر اور خدمت کے ساتھ میری تیمارداری کی، وہ میری زندگی کی ایسی یاد ہے جسے موت بھی مجھ سے نہیں چھین سکتی۔ بیماری کے ان دنوں میں ان کی بے لوث خدمت نے مجھے یہ احساس دلایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک ایسی رفیقِ حیات عطا کی تھی جس کی قدر شاید میں زندگی بھر بھی پوری طرح بیان نہ کر سکوں۔

میرے بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے سفر میں بھی ان کا کردار ہمیشہ میرے دل میں زندہ رہے گا۔ وہ جس گھر میں ووٹ مانگنے گئیں، اپنی محبت، خلوص اور سادگی سے لوگوں کے دل جیت لیے۔ مجھے آج بھی محسوس ہوتا ہے کہ میری ہر کامیابی میں میرے ساتھ ان کی دعائیں بھی چل رہی تھیں۔

وہ نیکی کے معاملے میں بھی خاموش مزاج تھیں۔ صدقہ و خیرات میں ان کا ہاتھ ہمیشہ کھلا رہتا۔ کئی مستحق خاندانوں کی خاموشی سے مدد کی، کئی بچیوں کے ہاتھ پیلے کرنے میں اپنا حصہ ڈالا، مگر کبھی کسی پر احسان نہیں جتایا۔ ان کا یقین تھا کہ نیکی اگر اللہ کے لیے ہے تو اس کا چرچا کیوں؟ وہ اس بات پر عمل کرتی تھیں کہ دائیں ہاتھ سے صدقہ کیا جائے تو بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہ ہو۔

ان کی عبادت بھی ان کی شخصیت کا خوبصورت پہلو تھی۔ وہ پابندِ صوم و صلوٰۃ تھیں اور اللہ تعالیٰ اور نبی کریم ﷺ سے بے پناہ محبت کرتی تھیں۔ عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد ان کے دل میں حرمین شریفین کی محبت پہلے سے کہیں بڑھ گئی تھی۔ ان کے دل میں ایک ہی آرزو بار بار انگڑائی لیتی تھی کہ دوبارہ خانہ کعبہ کی زیارت نصیب ہو، دوبارہ روضہ رسول ﷺ پر حاضری کا شرف ملے۔

ان کی دعاں میں یہ تڑپ محسوس کی جا سکتی تھی۔

زندگی میں بعض رشتے ایسے ہوتے ہیں جن کا بدل ممکن نہیں ہوتا۔ ماں کا کوئی بدل نہیں، باپ کا کوئی بدل نہیں اور سچے شریکِ حیات کا بھی کوئی بدل نہیں ہوتا۔ شریکِ حیات صرف زندگی کا ساتھی نہیں ہوتا، وہ ہماری روزمرہ زندگی کی عادت، ہماری گفتگو کا مخاطب، ہماری خوشی کا شریک اور ہمارے دکھ کا سہارا بن جاتا ہے۔ پھر جب وہ اچانک چلا جائے تو صرف ایک انسان نہیں جاتا، زندگی کا ایک پورا معمول، ایک پورا زمانہ اور بے شمار یادیں بھی اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔ آج میری زندگی بھی اسی خلا سے گزر رہی ہے۔

لوگ کہتے ہیں وقت ہر زخم بھر دیتا ہے۔ شاید یہ بات دنیا کے عام زخموں کے لیے درست ہو، مگر کچھ زخم وقت کے ساتھ بھرتے نہیں، صرف انسان ان کے ساتھ جینا سیکھ لیتا ہے۔ میں بھی شاید اب اسی سفر پر ہوں۔

ان کی یادیں میرے ساتھ رہیں گی۔ ان کی دعائیں میرے ساتھ رہیں گی۔ ان کی محبت میرے ساتھ رہے گی۔ ان کی آواز، ان کی مسکراہٹ، ان کے الفاظ، ان کی خدمت، ان کا خلوص اور ان کی بے شمار چھوٹی چھوٹی باتیں میری زندگی کے باقی سفر کا سرمایہ ہوں گی۔

میری راتوں کا چاند غروب ہو گیا ہے، مگر اس کی روشنی میری یادوں میں ہمیشہ باقی رہے گی۔

وہ آج میرے ساتھ نہیں، مگر میرے دل میں ہیں۔ وہ میرے گھر میں نہیں، مگر گھر کے ہر گوشے میں ان کی موجودگی محسوس ہوتی ہے۔ وہ میرے سامنے نہیں، مگر میری ہر دعا میں شامل ہیں۔

اور شاید یہی محبت کی سب سے بڑی سچائی ہے کہ موت جسم کو ہم سے جدا کر سکتی ہے، محبت کو نہیں۔

اے میرے رب!

میری رفیقِ حیات کو اپنی بے پایاں رحمتوں میں جگہ عطا فرما۔ ان کی خطاں سے درگزر فرما، ان کی نیکیوں کو شرفِ قبولیت بخش، ان کی قبر کو نور سے بھر دے، اسے جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنا دے۔ یا اللہ! وہ تیری عبادت گزار بندہ تھیں، انہیں جنت الفردوس میں اپنے محبوب ﷺ کا قرب اور پڑوس عطا فرما۔ آمین یارب العالمین۔

مکہ اتحاد کے بعد بدری معاہدہ، اسلامی بلاک کی طرف سفر

تحریر: مشتاق الرحمٰن

پاکستان، ترکی، قطر اور انڈونیشیا نے گزشتہ روز ایک انتہائی اہم اور تاریخی معاہدہ کیا ہے جسے بدر کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ بدر کا مطلب پورا چاند اور دوسرے معنے میں بدری صحابہ تو گویا انہی کے مقدس اور تاریخی نام پہ اس اتحاد کا نام رکھا گیا ہے۔ غزوہ بدر 17 رمضان المبارک 2 ہجری کے موقع پر رسول اللہ ﷺ، صحابہ کرام اور مسلم فوج کا وہ تاریخی اتحاد و عزم ہے، جس میں حق و باطل کے معرکے کے دوران باہمی نصرت، دفاع اور اتحاد کا عملی ثبوت دیا گیا۔ اسی مناسبت سے اس اتحاد میں چاروں ملکوں کی طرف سے دفاعی حوالے سے انتہائی اہم معاہدات کیے گئے ہیں اور اس پر چاروں ممالک کے ذمہ داران نے باضابطہ طور پر دستخط ثبت کیے ہیں۔ اس ضمن میں ایک باقاعدہ تقریب بدھ کے روز قطری دار الحکومت دوحہ میں منعقد ہوئی، جس میں پاکستان کے وزیرِ دفاع خواجہ آصف، انڈونیشیا کے نائب وزیرِ دفاع یوسف جوہری، ترکی کے وزیرِ دفاع یاشار گولر اور قطر کے نائب وزیرِ اعظم اور وزیرِ مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمٰن بن حسن آل ثانی نے اس مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ ترک خبر رساں ادارے ٹی آر ٹی کے مطابق اس معاہدے کا بنیادی مقصد چاروں ممالک کے درمیان دفاعی پیداوار میں باہمی تعاون کو فروغ دینا، چاروں ممالک کی دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانا، اور تکنیکی و عسکری امور، تربیت، تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں بھرپور باہمی تعاون کی حمایت کرنا ہے۔ ترک خبر رساں ادارے کا مزید کہنا ہے کہ یہ معاہدہ چاروں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر ترک دفاعی صنعت کی پوزیشن کو مستحکم کرنے میں بھی مدد دے گا، اور یہ اقدام جدید دفاعی نظاموں کی ترقی سے ہم آہنگ نئی ٹیکنالوجیز اور صنعتی صلاحیتوں کے فروغ میں بے حد معاون ثابت ہوگا۔

جیسا کہ ذکر کیا گیا کہ مکمل چاند کو بدر کہتے ہیں اور معاہدے کا نام بھی اسی مناسبت سے رکھا گیا ہے کیوں کہ اس معاہدے کے تحت چاروں ممالک ایک دوسرے کی صلاحیتوں کی مکمل تکمیل کریں گے۔ اس معاہدے کے تحت دفاعی پیداوار میں ہر ملک کی انفرادی و اجتماعی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے گا، دفاعی صنعت کی استعداد میں شاندار اضافہ ہوگا، اور اتحادی و دوست ممالک کی تمام تر دفاعی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کیا جا سکے گا۔ مزید یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ معاہدہ شریک ممالک کے درمیان فوجی تعاون کے وسیع دائرہ کار کو وسعت دینے، دفاعی صنعت کے شعبے میں باہمی تعلقات کو فروغ دینے اور کثیر الجہتی تعاون کو مضبوط بنانے میں مدد دے گا، اور اس سے خطے اور دنیا بھر میں سلامتی، پائیدار استحکام اور مشترکہ اہداف کے حصول میں بڑی مدد ملے گی۔

اس سے قبل اگر ہم ماضی کی پیش رفت پر نظر ڈالیں تو پاکستان نے سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ انتہائی اہم مکہ معاہدہ کیا ہوا ہے جو ایک دفاعی معاہدے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضمانت دیتا ہے کہ اس میں شامل کسی بھی ایک ملک کے اوپر ہونے والے حملے کو سب پر حملہ تصور کیا جائے گا، اور اس اتحاد کی سب سے بڑی اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ وہ غیر معینہ مدت کے لیے ہے اور کم از کم 10 سال تک تو اس سے کوئی بھی رکن ملک باہر نہیں نکل سکتا۔ اگر کسی ملک کے لیے اس سے نکلنا ناگزیر بھی ہو گیا تو 10 سال کا عرصہ گزرنے کے بعد جا کر وہ تین ماہ یعنی تین مہینے قبل تحریری طور پر اس اتحاد کو باضابطہ طور پر آگاہ کرے گا اور پھر جا کر وہ اس معاہدے یا اتحاد کو خیرباد کہہ سکتا ہے۔

جب کہ اس نئے اور شاندار معاہدے میں مزید قطر اور انڈونیشیا جیسے اہم ممالک شامل ہوئے ہیں جو کہ دونوں ممالک اپنی منفرد خصوصیات اور اہمیت رکھتے ہیں۔ قطر عالمی دنیا میں ایک اعتدال پسند ملک اور عرب دنیا کے حوالے سے بھی ایک بہت خاص اور بلند مقام رکھتا ہے جہاں پر دنیا بھر کے بڑے ممالک کے مذاکرات وغیرہ مستقل بنیادوں پر ہوتے رہتے ہیں اور ان کی اہمیت اور عالمی کردار کسی سے ڈھکی چھپی چیز نہیں ہے۔ دوسری طرف انڈونیشیا ہے جو اس وقت مسلمانوں کا سب سے بڑا آبادی والا ملک ہے تو ان دونوں کے ساتھ بھی پاکستان اور ترکی کا ایک نیا معاہدہ اور وہ بھی بدر کے نام سے طے پانا، یہ ایک انتہائی اہمیت کا حامل اقدام ہے اور اس میں بھی تقریباً تمام تر دفاعی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ عسکری تعاون کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ جن پر چاروں ممالک سختی سے کاربند ہوں گے۔

ان تمام تر اور دونوں بڑے معاہدات سے بخوبی معلوم ہو رہا ہے کہ اس وقت پاکستان دنیا بھر میں تمام اسلامی ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کرنے کا بھرپور خواہاں ہے اور اس کے لیے نہایت فعال اور کلیدی کردار بھی ادا کر رہا ہے۔ اور پاکستان اس وقت پوری دنیا میں عسکری اور دفاعی حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل بن چکا ہے اور دنیا بھر کے ممالک پاکستان کے ساتھ معاہدات کرنے کے لیے دوڑتے چلے آ رہے ہیں، جن میں سے کئی ممالک کے ساتھ اہم معاہدات ہو چکے ہیں اور کئی اہم ممالک کے ساتھ معاہدات ہونا ابھی باقی ہیں۔ اور خاص طور پر یہ دونوں بڑے اتحاد اس بات کی روشن گواہی دے رہے ہیں کہ اب مستقبل قریب میں اور آنے والے دور میں تمام اسلامی ممالک کا ایک مضبوط اور جامع اتحاد ناگزیر اور سو فیصد یقینی ہو چکا ہے، اور اس کا سارا کریڈٹ بلاشبہ پاکستان کو جاتا ہے اور خاص طور پر فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اس کے لیے بہت زیادہ متحرک ہو کر کلیدی اور تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں۔

پاکستان کی آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں ترقی
آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑدیا

پاکستان کی رینکنگ میں بہتری کی بڑی وجہ انگلینڈ کے خلاف 87 رنز کی شاندار فتح بنی۔ آل راؤنڈر عرفات منہاس نے نمایاں کردار ادا کیا

جنوبی افریقا کو پیچھے چھوڑنے سے صرف ایک پوائنٹ دور ہے۔ مسلسل فتوحات برقرار رہیں تو قومی ٹیم رینکنگ میں مزید ترقی حاصل کرسکتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم نے سری لنکا اور انگلینڈ کے خلاف شاندار فتوحات کے بعد آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑتے ہوئے چوتھی پوزیشن حاصل کرلی ہے۔ راولپنڈی میں جاری سہ ملکی سیریز میں کامیابیوں کے نتیجے میں پاکستان کے رینکنگ پوائنٹس کی تعداد 103 ہوگئی ہے جبکہ تیسرے نمبر پر موجود جنوبی افریقا صرف ایک پوائنٹ کی برتری کے ساتھ 104 پوائنٹس پر موجود ہے۔ بھارت 115 پوائنٹس کے ساتھ پہلے اور نیوزی لینڈ 109 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہے جبکہ آسٹریلیا پانچویں پوزیشن پر چلا گیا ہے۔ پاکستان کی رینکنگ میں بہتری کی بڑی وجہ انگلینڈ کے خلاف 87 رنز کی شاندار فتح بنی جس میں نوجوان آل راؤنڈر عرفات منہاس نے نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے 58 گیندوں پر 59 رنز بنانے کے بعد صرف 40 رنز دے کر چھ وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان نے ابتدا میں 81 رنز پر چار وکٹیں گنوانے کے باوجود حسن نواز کے 79، عرفات منہاس کی نصف سنچری اور فہیم اشرف کے جارحانہ 39 رنز کی بدولت 302 رنز بنائے۔ جواب میں انگلینڈ کی ٹیم 215 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستان اب جنوبی افریقا کو پیچھے چھوڑنے سے صرف ایک پوائنٹ دور ہے۔ مسلسل فتوحات برقرار رہیں تو قومی ٹیم رینکنگ میں مزید ترقی حاصل کرسکتی ہے۔ تیسرے نمبر پر موجود جنوبی افریقا صرف ایک پوائنٹ کی برتری کے ساتھ 104 پوائنٹس پر موجود ہے۔ بھارت 115 پوائنٹس کے ساتھ پہلے اور نیوزی لینڈ 109 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہے جبکہ آسٹریلیا پانچویں پوزیشن پر چلا گیا ہے۔ پاکستان کی رینکنگ میں بہتری کی بڑی وجہ انگلینڈ کے خلاف 87 رنز کی شاندار فتح بنی جس میں نوجوان آل راؤنڈر عرفات منہاس نے نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے 58 گیندوں پر 59 رنز بنانے کے بعد صرف 40 رنز دے کر چھ وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان نے ابتدا میں 81 رنز پر چار وکٹیں گنوانے کے باوجود حسن نواز کے 79، عرفات منہاس کی نصف سنچری اور فہیم اشرف کے جارحانہ 39 رنز کی بدولت 302 رنز بنائے۔ جواب میں انگلینڈ کی ٹیم 215 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستان اب جنوبی افریقا کو پیچھے چھوڑنے سے صرف ایک پوائنٹ دور ہے۔ مسلسل فتوحات برقرار رہیں تو قومی ٹیم رینکنگ میں مزید ترقی حاصل کرسکتی ہے۔



گرینڈ بلوچستان لیگ (GBL T20) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے تعاون سے T20 کرکٹ ونر ٹرافی مہمان خصوصی صوبائی وزراعلی مددجنگ، بخت محمد کاکڑ اور عبدالولی نورزئی دے رہے ہیں

گرینڈ بلوچستان لیگ (GBL T20) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے تعاون سے ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب

افتتاحی تقریب میں تمام ٹیموں، ان کے اونرز، قومی وصوبائی اسمبلی کے اراکین اور تماشائیوں کی بڑی تعداد میں شرکت

چاغی اسٹیڈیم کوئٹہ میں منعقد، افتتاح ڈی آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ نے بطور مہمانِ خصوصی کیا

کوئٹہ (پ ر) گرینڈ بلوچستان لیگ GBL (T20 ایف سی بلوچستان) نارتھ (کے تعاون سے گرینڈ بلوچستان لیگ T20 کرکٹ کی افتتاحی تقریب 26 اکتوبر 2026 کو چاغی اسٹیڈیم، کوئٹہ میں منعقد ہوئی، جس کا افتتاح ڈی آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے بطور مہمانِ خصوصی کیا۔ افتتاحی تقریب میں تمام ٹیموں، ان کے اونرز، قومی وصوبائی اسمبلی کے اراکین اور تماشائیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شائقینِ کرکٹ کی دلچسپی کے لیے ایک نمائشی میچ کا انعقاد بھی کیا گیا۔ گرینڈ بلوچستان لیگ کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا اور انہیں قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع دینا ہے۔ جوش بھی، جذبہ بھی، بلوچستان کا کھیل بھی

فیفا کا ہمالیائی خطے کیلئے نئے فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد پر غور

فیفا ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان ہے۔ مالدیپ اور سری لنکا کو بھی شامل کرنے کی تجویز زیرغور

بنگلہ دیش، افغانستان، چین اور میانمار بھی ممکنہ شرکا میں شامل ہوسکتے ہیں۔ ٹورنامنٹ کا مقصد جنوبی ایشیائی ممالک کو بین الاقوامی فٹبال کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے

نیویارک (آئی این پی) فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے ہمالیہ کپ کے نام سے نیا علاقائی فٹبال ٹورنامنٹ کرانے پر غور شروع کردیا۔ مجوزہ فیفا ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان ہے۔ مالدیپ اور سری لنکا کو بھی مجوزہ ٹورنامنٹ میں شامل کرنے کی تجویز زیرغور ہے۔ رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش، افغانستان، چین اور میانمار بھی ممکنہ شرکا میں شامل ہوسکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق نئے ٹورنامنٹ کا مقصد جنوبی ایشیائی ممالک کو بین الاقوامی فٹبال کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے۔ فیفا صدر جیانی انفینٹینو کے دورہ بنگلا دیش اور بھوٹان میں علاقائی فٹبال کے فروغ کے لیے مشاورت کی گئی۔ مجوزہ فیفا ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان ہے۔ مالدیپ اور سری لنکا کو بھی مجوزہ ٹورنامنٹ میں شامل کرنے کی تجویز زیرغور ہے۔ رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش، افغانستان، چین اور میانمار بھی ممکنہ شرکا میں شامل ہوسکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق نئے ٹورنامنٹ کا مقصد جنوبی ایشیائی ممالک کو بین الاقوامی فٹبال کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے۔ فیفا صدر جیانی انفینٹینو کے دورہ بنگلا دیش اور بھوٹان میں علاقائی فٹبال کے فروغ کے لیے مشاورت کی گئی۔

لیونل میسی کے لئے بارسلونا کا جذباتی پیغام، تاریخی اعزاز پر خراجِ تحسین

اوویڈو (سی ایم لنکس) سپین کے سب سے بڑے سپورٹس ایوارڈ پرنس آف سٹوریاس 2026 حاصل کرنے پر بارسلونا نے اپنے سابق سٹار کھلاڑی لیونل میسی کے لئے ایک انتہائی جذباتی پیغام جاری کرتے ہوئے ان کے ساتھ جڑے لازوال رشتے کو سراہا ہے۔ ای ایس پی این کے مطابق ارجنٹائن کے 39 سالہ نامور فٹبالر لیونل میسی نے اوویڈو کے کیمپوامور تھیٹر میں یہ اعزاز حاصل کر کے تاریخ رقم کی، جس کے بعد وہ انفرادی حیثیت میں یہ ایوارڈ جیتنے والے دنیا کے پہلے فٹبالر بن گئے ہیں۔ بارسلونا نے سوشل میڈیا پر مبارکباد کا پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ لیونل میسی کا بے مثال ٹیلنٹ میدان کے اندر اور باہر ان کی بہترین کارکردگی، کھیل سے وابستگی اور سماجی خدمات کی ایک روشن مثال ہے۔ کلب کے مطابق کیمپ نو میں 20 سال سے زائد کا عرصہ گزارنے والے لیونل میسی کی شاندار کامیابیوں اور تاریخ میں بارسلونا ایک اہم حصہ رہا ہے اور ان کے ساتھ یہ رشتہ کلب کے لئے ہمیشہ باعثِ فخر رہے گا۔ لیونل میسی کو جون میں اس ایوارڈ کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔ وہ اپنے کیریئر میں 8 بار بیلن ڈی اور جیتنے کے علاوہ ارجنٹائن کو ورلڈ کپ کا چیمپئن بنانے اور کلب سطح پر متعدد اعزازات حاصل کرنے کا اعزاز رکھتے ہیں۔ لیونل میسی نے بارسلونا کے ساتھ 21 سال گزارے، جس دوران کلب نے ملکی اور یورپی فٹ بال میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ 2021 میں بارسلونا چھوڑنے کے بعد وہ پیرس سینٹ جرمین کا حصہ بنے جبکہ اس وقت امریکی فٹ بال لیگ میں انٹر میامی کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ 1981 میں قائم ہونے والے آسٹوریاس ایوارڈز کو ہسپانوی زبان کی دنیا کے ممتاز ترین اعزازات میں شمار کیا جاتا ہے۔ کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کو دیے جانے والے اس ایوارڈ کے ساتھ رہا ہے اور ان کے ساتھ یہ رشتہ کلب کے لئے ہمیشہ باعثِ فخر رہے گا۔ لیونل میسی کو جون میں اس ایوارڈ کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔ وہ اپنے کیریئر میں 8 بار بیلن ڈی اور جیتنے کے علاوہ ارجنٹائن کو ورلڈ کپ کا چیمپئن بنانے اور کلب سطح پر متعدد اعزازات حاصل کرنے کا اعزاز رکھتے ہیں۔ لیونل میسی نے بارسلونا کے ساتھ 21 سال گزارے، جس دوران کلب نے ملکی اور یورپی فٹ بال میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ 2021 میں بارسلونا چھوڑنے کے بعد وہ پیرس سینٹ جرمین کا حصہ بنے جبکہ اس وقت امریکی فٹ بال لیگ میں انٹر میامی کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ 1981 میں قائم ہونے والے آسٹوریاس ایوارڈز کو ہسپانوی زبان کی دنیا کے ممتاز ترین اعزازات میں شمار کیا جاتا ہے۔ کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کو دیے جانے والے اس ایوارڈ کے ساتھ 50 ہزار یورو کی انعامی رقم بھی شامل ہے۔

بائرن میونخ کے کوچ ونسنٹ کومپنی ٹریننگ کے دوران بے ہوش، ہسپتال منتقل

میونخ (سی ایم لنکس) جرمن فٹ بال کلب بائرن میونخ کے ہیڈ کوچ ونسنٹ کومپنی ٹریننگ سیشن کے دوران اچانک بے ہوش ہوگئے، جس کے بعد انہیں ہنگامی طبی ٹیم نے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ کلب کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 40 سالہ ونسنٹ کومپنی کو ہسپتال میں طبی معائنے اور علاج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، جہاں وہ ڈاکٹروں کی نگرانی میں رہیں گے۔ ونسنٹ کومپنی گزشتہ ہفتے بھی وائرس میں مبتلا ہونے کے باعث ٹریننگ اور پریس کانفرنس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ انہوں نے آرسنل کے خلاف چیمپئنز لیگ کے میچ کے بعد بتایا تھا کہ بیماری کے باوجود آرام نہ کرنے کے باعث ان کی طبیعت مزید خراب ہوگئی تھی۔ بائرن میونخ کے سپورٹنگ ڈائریکٹر میکس ایبرل نے کہا کہ کوچ کی صحت کلب کی اولین ترجیح ہے اور ان کی جلد صحت یابی کے لئے ہر ممکن سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ونسنٹ کومپنی کی عدم موجودگی میں ان کی کوچنگ ٹیم ذمہ داریاں سنبھالے گی۔ بائرن میونخ کو آئندہ ہفتے فرائی برگ کے خلاف بنڈس لیگا کا اہم میچ کھیلنا ہے جبکہ چیمپئنز لیگ میں اس کا اگلا میچ 3 نومبر کو میڈرڈ میں ایٹلیٹکو میڈرڈ کے خلاف شیڈول ہے۔ سابق بیلجیئن فٹ بالر ونسنٹ کومپنی نے بطور کھلاڑی مانچسٹر سٹی کے لیے 360 میچز کھیلے اور ٹیم کی کپتانی بھی کی۔ انہوں نے 2024 میں بائرن میونخ کی کوچنگ سنبھالی اور اپنی جیج ہے اور ان کی جلد صحت یابی کے لئے ہر ممکن سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ونسنٹ کومپنی کی عدم موجودگی میں ان کی کوچنگ ٹیم ذمہ داریاں سنبھالے گی۔ بائرن میونخ کو آئندہ ہفتے فرائی برگ کے خلاف بنڈس لیگا کا اہم میچ کھیلنا ہے جبکہ چیمپئنز لیگ میں اس کا اگلا میچ 3 نومبر کو میڈرڈ میں ایٹلیٹکو میڈرڈ کے خلاف شیڈول ہے۔ سابق بیلجیئن فٹ بالر ونسنٹ کومپنی نے بطور کھلاڑی مانچسٹر سٹی کے لیے 360 میچز کھیلے اور ٹیم کی کپتانی بھی کی۔ انہوں نے 2024 میں بائرن میونخ کی کوچنگ سنبھالی اور اپنی ابتدائی 2 سیزنز میں کلب کو بنڈس لیگا کا ٹائٹل جتوانے میں کامیابی حاصل کی۔ ونسنٹ کومپنی کی طبیعت سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنے کا انتظار ہے جبکہ کلب نے ان کی جلد صحت یابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔

کرسٹیانو رونالڈو کے متنازع گول نے نئی بحث چھیڑ دی، کیریئر کے 1000 گولز سے 18 قدم دور

ریاض (سی ایم لنکس) سعودی پرو لیگ کے ایک اہم میچ میں النصر نے الفیصلی کو 1-3 گول سے شکست دے دی، تاہم کرسٹیانو رونالڈو کا گول متنازع قرار پانے کے بعد بحث کا موضوع بن گیا۔ ای ایس پی این کے مطابق 41 سالہ کرسٹیانو رونالڈو نے جواؤ فیلکس کی فری کک پر ہیڈر لگانے کی کوشش کی لیکن یہ واضح نہ ہوسکا کہ گیند ان کے سر سے لگی تھی یا براہ راست الفیصلی کے مدافع آندرے جیرونو سے ٹکرا کر جال میں گئی۔ سعودی پرو لیگ نے گول کرسٹیانو رونالڈو کے نام کیا جبکہ اعداد و شمار فراہم کرنے والے ادارے آپٹا نے اسے گول قرار دیا۔ اس گول کے بعد کرسٹیانو رونالڈو کے کیریئر کے مجموعی گولز کی تعداد 982 بتائی گئی، جس کے مطابق وہ 1000 گولز کا سنگ میل عبور کرنے سے 18 گول دور ہیں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے میچ کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ انسٹاگرام پر اپنی جشن منانے کی تصویر بھی شیئر کی۔

بعدالت تحصیلدار/درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ
اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ آسیہ مینگل دختر غوث بخش مرحوم قوم مینگل ساکن کندہ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا والد غوث بخش مرحوم ولد شاہ محمد قوم مینگل ساکن کندہ وفات پاچکا ہے، جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان آسیہ مینگل، فضیلہ مینگل دختران غوث بخش قوم مینگل ساکن کندہ ان کے جائز وارث اور ورثاء ہے اسکے علاوہ متوفی کا کوئی اور جائز وارث نہیں ہیں۔ ساکن کندہ ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر واعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 26/10/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت جناب سینئر سول جج ژوب

دعویٰ نمبر 60/2026 — آئندہ تاریخ پیشی 3/11/2026

1۔ سید ولد ظریف 2۔ بختاور ا زوجہ سید ساکنان گنج محلہ تحصیل وضلع ژوب مدعیان

بنام: ۔ڈائریکٹر جنرل وغیرہ مدعاعلیہم

اشتہار زیر آرڈر 5 رول 20 ض د (دعویٰ استقرار حق ومنسوخی CNIC)

اشتہار بنام مدعاعلیہ نمبر 2 حسرت خان ولد سید ساکنان خروٹ آباد محلہ تحصیل وضلع ژوب مدعاعلیہم:۔ ہرگاہ مذکورہ بالا مدعی نے بعنوان بالا دعویٰ بابت منسوخی سی این آئی سی بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 3/11/2026 مقرر ہوچکی ہے۔ جس میں آپ مدعاعلیہم پر نوٹس تعمیل نہیں ہو پا رہے ہیں۔ لہٰذا آپ مدعاعلیہ کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ پر بذریعہ کونسل یا نمائندہ حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج ژوب

بعدالت جناب محمد عباس کاکڑ سول جج ہرنائی

درخواست جانشینی نمبر 9/2026 1۔ وسیمہ بی بی بیوہ اکرام اللہ شاہ 2۔ بی بی کائنات نابالغ 3۔ بی بی اینا نابالغ 4۔ بی بی صبائنہ نابالغ دختر مرحوم اکرام اللہ شاہ مرحوم درخواست گزاران ۲ تا ۴ بذریعہ درخواست گزار نمبر 1 والدہ ساکنان تحصیل شاہرگ ضلع ہرنائی درخواستگزاران **بنام:** ۔عوام الناس مسول علیہم

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925ء بابت وصولی جانشینی سرٹیفکیٹ

کبابش میرج ہال میں منعقد ہوگا۔ کانفرنس میں گزشتہ تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کیا جائے گا جس کا جائزہ لینے کے بعد اس کی منظوری دی جائے گی اور نئی کابینہ کے لیے انتخابات ہوں گے۔ کانفرنس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی خصوصی شرکت کریں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پشتونخوا زون کانفرنس سے تنظیم مزید مضبوط اور منظم ہوگی اور جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں تنظیمی فعالیت، طلباء کے تعلیمی، سماجی، سیاسی، معاشی اور جمہوری مثبت تعمیری اقدار کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگی۔

بقیہ 35

جانب سے شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعلی بلوچستان و مرکزی صدر نیشنل پارٹی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ صوبہ اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے اور حکومت کے پاس سرکاری دفاتر کے بنیادی اخراجات کے لیے بھی پیسے موجود نہیں ہیں، لیکن حیرت انگیز طور پر یہاں مزید نئے صوبے بنانے کی باتیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے وفاقی سطح پر صوبائی حصے کے تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے این ایف سی ایوارڈ میں کسی بھی قسم کے کٹ (کٹوتی) لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی۔

بقیہ 36

سے مفت اور معیاری ہسپتال، تعلیمی ادارے اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی ہوتیں تو آج بلوچستان کے عوام مسائل کی دلدل میں اس قدر نہ پھنسے ہوتے۔ جماعت اسلامی ہر ظالم اور ظلم کے خلاف جبکہ ہر مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل اور معدنیات یہاں کے عوام کی حالت بدلنے، نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے اور تعلیم و صحت کی سہولیات بہتر بنانے پر خرچ ہونے چاہئیں۔

بقیہ 37

کے لیے ان کی حمایت جاری رہے گی۔ آج ملک بھر کی طرح بلوچستان کے غیور عوام کشمیری عوام کی حمایت میں سڑکوں پر نکل آئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے

بقیہ 38

موقع پر خبر رساں ادارہ یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ آج ملک بھر میں کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بھارت کے خلاف یوم سیاہ منایا جا رہا ہے۔

،مولانا محمد صادق نے کہا کہ آٹا کی آڑ میں دکانداروں پر چھاپے مسئلے کا پائیدار حل نہیں۔ پنجاب حکومت کی آٹا ترسیل پر پابندی سے عوام آٹا مہنگا خریدنے پر مجبور ہو چکے ہیں عوام کو سستے آٹے کی فراہمی کے لیے صوبائی حکومت پابندی ختم کرنے پنجاب سے مطالبہ کرے۔ بلوچستان آٹا اور گندم کی ترسیل کے دوران چیک پوسٹوں پر رشوت ستانی اور ناجائز تحویل سے آٹے کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوتا جا رہا ہے آٹا کی ترسیل پر تاجروں اور ٹرانسپورٹرز بھاری رقم رشوت کی وصولی ظلم کی انتہا ہے۔ جس کی باعث آٹا مہنگا ہوتی جا رہی ہے گرانفروشی کی روک تھام کے نام پر چھوٹے دکانداروں اور تیلرز پر چھاپے مارنا اور جرمانے عائد کرنا مسئلے کا اصل حل نہیں ہے۔

بقیہ 39

کی گئی ہے۔ ایڈوائزری کے مطابق حملہ آور سرکاری حکام اور محکموں کی نقالی کر کے ٹارگٹڈ فشنگ اور میلویئر حملوں کے ذریعے حساس معلومات تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، سرکاری دستاویزات کے نام سے بھیجی جانے والی نقصان دہ فائلوں کے ذریعے ونڈوز سسٹم کو متاثر کیے جانے کا خدشہ ہے۔ حکام کے مطابق سسٹم متاثر ہونے کی صورت میں حملہ آوروں کو کمپیوٹر کا ریموٹ کنٹرول حاصل کرنے، پاس ورڈز چرانے اور اہم ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کا موقع مل سکتا ہے، اسی طرح واٹس ایپ ویب سیشن ہائی جیک ہونے کی صورت میں متاثرہ نمبر سے جعل سازی اور مزید افراد کو نشانہ بنانے کا خطرہ بھی موجود ہے۔

بقیہ 40

روز قبل گنداواہ کے نواحی علاقے سے نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کیا تھا، جس کے بعد بدبخت ملزمان نے مغویوں کو گولیاں مار کر قتل کر دیا اور لاشیں سڑک کنارے جھاڑیوں میں پھینک کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے انکشاف کیا ہے کہ گزشتہ 5 روز کے دوران علاقے سے اغوا ہونے والے افراد میں سے 4 مغویوں کی لاشیں مل چکی ہیں۔ دو روز قبل بھی اسی علاقے گھاترہ سے عرفان دیناری اور ایک مقامی اسکول کے چپڑاسی عبدالرشید کی لاشیں ملی تھیں، جنہیں بھی مسلح افراد نے اغوا کے بعد گولیاں مار کر قتل کر دیا تھا۔ ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے واقعات کی سنگینی کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ملوث عناصر کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 41

خان کے مطابق آج سے 20 سال قبل اولیو ریڈلے کچھوا پاکستان میں بڑی تعداد میں ملتا تھا مگر اب انہوں نے افزائش نسل کے لئے کراچی سمیت پاکستانی ساحلوں کا رخ کرنا چھوڑ دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حالیہ دنوں میں جیوانی کے قریب ماہی گیروں کے جال میں پھنسے 2 اولیو ریڈلے کچھوؤں کو سمندر میں آزاد کیا جا چکا ہے۔ یہ کچھوے سمندر میں ہزاروں میل کا سفر طے کرتے ہیں۔ پڑوسی ملک میں ایک اولیو ریڈلے کچھوے کو جی پی ایس ٹیگ لگا کر تحقیق کی گئی تو پتہ چلا کہ اس نے پورے بحیرہ عرب کو عبور کیا اور افزائش نسل کیلئے عمان میں قیام کیا۔ محمد معظم خان نے زور دیا ہے کہ پاکستان میں بھی اس نوعیت کی تحقیق بہت ضروری ہے۔

بقیہ 42

درمیان شدید اختلافات کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد اور غلط قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں اسرائیلی وزیر دفاع نے کہا کہ ایران کے معاملے پر سیاسی قیادت اور فوج کے درمیان اختلافات سے متعلق رپورٹس میں کوئی صداقت نہیں۔ انہوں نے ان خبروں کو مکمل طور پر غلط قرار دیا۔ اسرائیل کاٹز نے واضح کیا کہ اسرائیل کے انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ شروع کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ ان کے مطابق اسرائیل نے پہلے ہی اپنا موقف واضح کر دیا تھا کہ اگر ایران نے اسرائیل پر حملہ کیا تو اس کا بھرپور طاقت سے جواب دیا جائے گا۔ اسرائیلی وزیر دفاع کا یہ بیان چینل 12 کی اس رپورٹ کے بعد سامنے آیا ہے جس میں وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اور فوج کے سربراہ ایال زامیر کے درمیان ایران کے معاملے پر غیر معمولی نوعیت کی محاذ آرائی کا دعوی کیا گیا تھا۔ کاٹز نے اس رپورٹ کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی قیادت اور فوج کے درمیان اختلافات سے متعلق تمام خبریں غلط ہیں۔ تاہم، ان کے بیان میں ایران کے خلاف مستقبل کی کسی ممکنہ کارروائی کے بارے میں مزید تفصیلات نہیں دی گئیں۔

بقیہ 43

قیمت ایک ڈالر 56 سینٹ کمی سے 115 ڈالر 16 سینٹ فی بیرل پر آ گئی۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب میں حوثی حملوں کے باعث توانائی کی رسد متاثر ہونے کے خدشات نے گزشتہ ہفتے تیل کی قیمتوں میں اضافے کو ہوا دی تھی۔

بقیہ 44

آج 27 اکتوبر کو پارلیمانی پارٹی اجلاس میں مذاکرات یا احتجاج سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اجلاس میں بانی پی ٹی آئی تک رسائی، خواتین کی رہائی اور علاج کے متعلق امور پر غور ہوگا، اہم سیاسی اور تنظیمی معاملات پر فیصلے کیے جائیں گے، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں آئندہ حکمت عملی بھی طے کی جائے گی۔ دوسری جانب پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر نے علی ظفر کے بیان کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ تمام اختیارات پارلیمانی پارٹی کو منتقل کیے جانے کی خبریں درست نہیں۔

بقیہ 45

پیغام میں گزشتہ ہفتے نیتن یاہو کی حمایت میں اپنے بیان کو دوبارہ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے اور اسرائیلی وزیر اعظم کے درمیان بہت اچھے تعلقات رہے ہیں اور دونوں نے مختلف فوجی کارروائیوں میں مشترکہ کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے امریکا کے وینزویلا کے خلاف آپریشن کو تاریخ کی کامیاب ترین فوجی کارروائیوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے دعوی کیا کہ اس سے قبل امریکا اور اسرائیل نے آپریشن مڈنائٹ ہیمر کے ذریعے ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکا تھا۔ ٹرمپ نے مزید دعوی کیا کہ آپریشن ایپک فیوری کے بعد ایران کے پاس نہ موثر بحریہ رہی ہے اور نہ ہی فضائیہ، جبکہ اس کی فوج اور معیشت بھی مشکلات کا شکار ہیں۔

بقیہ 46

رہے ہیں، سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں جہنم واصل ہونے والے دہشتگرد ارشد گند کے اہلخانہ نے پنجگور میں پریس کانفرنس کی ہے۔ دہشتگرد ارشد گند کے اہلخانہ نے اپنی پریس کانفرنس میں کہنا تھا کہ 2025 میں ہمارا چھوٹا بھائی ارشد گند پیسوں کی لالچ میں کالعدم بی ایل ایف کی سہولت کار بنا اور پھر تنظیم میں شامل ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم میں شامل ہونے کے بعد دہشت گرد ارشد گند 14 ستمبر 2026 کو سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں جہنم واصل ہوا، ارشد گند کی دہشت گرد تنظیم کے ساتھ وابستگی پر شرمندہ ہیں اور ریاست سے معافی کے طلبگار ہیں۔ اہل خانہ نے کہا کہ ہم ہمیشہ مملکتِ پاکستان کے وفادار رہیں گے

اور کسی ایسے گروہ کے راستے کا حصہ نہیں بنیں گے۔

بقیہ 47

کرنے کا مطالبہ کیا۔ منصورہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی ختم کرنا ہوگی، کیونکہ عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ بڑھ رہا ہے جبکہ مافیاز کے منافع میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے احتجاج کے نتیجے میں پیٹرولیم قیمتوں میں ریلیف دیا، تاہم یہ کافی نہیں۔ وزرا نے ایک بار پھر جماعت اسلامی کی کمیٹی سے رابطہ کیا ہے، لیکن جماعت اپنے موقف پر قائم ہے۔ وزیراعظم سے ملاقات میں ریلیف کے معاملے پر پیش رفت ہوئی تو اسی شام اہم اعلان کریں گے۔

بقیہ 48

بڑھ کر 4 لاکھ 23 ہزار 436 روپے ہو گئی ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت ایک ہزار 201 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 63 ہزار 28 روپے ہو گئی۔ دوسری جانب عالمی بازار میں سونے کی قیمت 14 ڈالر بڑھ کر 4009 ڈالر فی اونس ہے۔

بقیہ 49

حوالے کر دیں۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں یو این ایف پی اے کی صوبائی سربراہ سعدیہ عطانے کٹس محکمہ صحت کے حکام کے حوالے کیں۔ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر امین مندوخیل اور ماں، نومولود اور بچوں کی صحت کے پروگرام (ایم این سی ایچ) کی صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر گل سین اعظم نے کٹس وصول کیں، جبکہ ڈائریکٹر پبلک ہیلتھ ڈاکٹر آصف شاہوانی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ یہ طبی سامان ضلع خضدار، تربت (کیچ) اور لورالائی میں صحت کی سہولیات فراہم کرنے والے مراکز کو ضروریات کے تفصیلی اور شواہد پر مبنی جائزے کے بعد فراہم کیا گیا ہے۔ ان کٹس کا مقصد زچگی کے دوران طبی سہولیات کی مسلسل فراہمی، ہنگامی زچگی کی نگہداشت اور تولیدی صحت کی خدمات کو مؤثر بنانا ہے، تاکہ متعلقہ اضلاع میں ماؤں اور نومولود بچوں کو بروقت اور ضروری طبی امداد کی فراہمی میں مدد مل سکے۔ اس موقع پر ایم این سی ایچ پروگرام کی صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر گل سین اعظم نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کا تحفظ صحت عامہ کے نظام کا ایک اہم جزو ہے اور اس کے لیے بروقت طبی سہولیات کی دستیابی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تولیدی صحت کی کٹس کی فراہمی سے متعلقہ اضلاع میں زچگی کے دوران ہنگامی طبی ضروریات پوری کرنے اور صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ ڈاکٹر گل سین اعظم کے مطابق، دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین اور نومولود بچوں کو معیاری طبی خدمات تک رسائی فراہم کرنا ایم این سی ایچ پروگرام کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یو این ایف پی اے اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور ماں و بچے کی صحت کے تحفظ کی کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ 50

پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ معاشی طور پر بدحال خاندانوں کی مدد اور ان کے گھروں کے چولہے جلانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹوکن کے ذریعے انہیں روزگار کے عارضی مواقع میسر آتے ہیں، جن سے وہ اپنے معاشی حالات بہتر بنانے اور بنیادی ضروریات پوری کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ اس موقع پر کمانڈنٹ پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مستحق افراد تک ان کا حق پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے۔ معاشرے کا یہ طبقہ طویل عرصے سے محرومیوں کا شکار رہا ہے، جبکہ مافیاز نے ان کے حقوق پر ڈاکا ڈال کر اپنے من پسند افراد کو نوازا ہے۔

بقیہ 51

اور پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور سرکی روڈ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 52

جانے والے ظلم وستم کی روک تھام کے لئے اپنا رول پلے کرے پاکستان کی عوام (آج) بھارتی ظلم وستم کے خلاف یوم سیاہ منا کر پوری دنیا میں کشمیری بھائیوں سے یکجہتی کا مظاہرہ کر کے کشمیری بھائی کے دکھ درد میں ساتھ کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم سیاہ کے موقع پر کارکنان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات فرید افغان ایڈووکیٹ مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری نیشنل جنرل سیکرٹری خان موسیٰ خان نجک میر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ کا کہنا تھا کہ 27 اکتوبر کو پوری پاکستانی قوم نے یوم سیاہ کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا مظاہرہ کر کے کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے بھارتی مظالم کو اجاگر کر کے ثابت کر دیا

بقیہ 53

حیثیت رکھتا ہے۔ رند قبائل اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ کشمیریوں کی مکمل آزادی تک ان کی حمایت جاری رکھیں گے کشمیری قائدین کی جدوجہد اور معصوم بچوں ماں بہنوں کی جرات کو سلام پیش کرتے ہیں مودی سرکار نے مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ ڈالے ہیں۔ عالمی برادری سے مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ مودی سرکار مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر ظلم کر کے سرعام دہشتگردی کر رہی ہے۔

بقیہ 54

مستقبل اور معیاری تعلیم کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ حب کی سیاست پر طویل عرصے سے اثرانداز رہنے والے بھوتانی برادران کے لیے کیڈٹ کالج کا منصوبہ ایک اہم سیاسی سوال ہے کہ اگر عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی اولین ترجیح تھی تو معیاری تعلیمی اداروں کے قیام کے لیے ماضی میں مؤثر اقدامات کیوں نہ کیے گئے؟ آج میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے اس اہم منصوبے کا آغاز اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ عوام محض دعوے نہیں، بلکہ عملی ترقی اور اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کے لیے ٹھوس اقدامات چاہتے ہیں۔

بقیہ 55

کی پہلی سہ ماہی مالی سال 27-2026 کی معاشی کارکردگی، اصلاحات اور سرمایہ کاری سے متعلق اسکورکارڈ جاری کر دیا گیا ہے جس میں بتایا گیا کہ جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران معاشی استحکام میں بہتری، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ اور اصلاحاتی عمل میں پیش رفت ہوئی، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ہوا، برآمدات، ترسیلات زر اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں بہتری آئی، مرکزی بینک کے زرمبادلہ ذخائر 21.5 ارب ڈالر کی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، سالانہ بنیاد پر 52 فیصد اضافہ، پاکستان کی مجموعی برآمدات 11.2 ارب ڈالر، ترسیلات زر 10.9 ارب ڈالر اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 72 کروڑ ڈالر ریکارڈ ہوئی۔

بقیہ 56

خیبر پختونخوا اعلی امین گنڈاپور نے پارلیمانی پارٹی کی ہدایات پر وفاق سے رابطہ کر لیا، 20 اکتوبر کو پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں علی امین گنڈاپور کو مذاکرات کا مینڈیٹ دیا گیا تھا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق گورنر راج سے قبل وفاق کی مذاکراتی ٹیم میں شامل 2 اہم وزراء سے بات کی گئی ہے۔ ذرائع پی ٹی آئی نے بتایا کہ سہیل آفریدی حکومت کی بحالی اور گرفتار کارکنان کی رہائی اولین ترجیح ہے۔ یاد رہے کہ 11 اکتوبر کو گورنر راج کے نفاذ کے بعد پاکستان تحریک انصاف اور وفاق کے مابین رابطے منقطع ہو گئے تھے۔

بقیہ 57

ناگزیر ہیں۔ بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے حکومتی اداروں، بین الاقوامی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کو باہمی تعاون کے ذریعے مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول جناح ٹاؤن کوئٹہ میں اقوام متحدہ کے دن 2026 کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کا مرکزی موضوع بہتر ساتھ، بہتر مستقبل تھا، جس کا مقصد باہمی تعاون، پائیدار ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے فروغ کو اجاگر کرنا تھا۔ اقوام متحدہ کے صوبائی پروگرام ٹیم کی جانب سے ون یو این (UNONE) کے پلیٹ فارم کے تحت منعقدہ اس تقریب میں بلوچستان میں اقوام متحدہ کی سرگرمیوں، پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) اور مختلف شعبوں میں حکومتِ بلوچستان کے ساتھ تعاون کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔

بقیہ 58

مشاورت سے ان کے آئینی تشخص، روایات اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ جرگے نے ایف آر کوہاٹ اور ایف آر پشاور کو فوری طور پر فاٹا کی مشاورتی کونسل میں شامل کر کے نمائندگی دینے اور کونسل کے اختیارات کو مستقل اور بامعنی بنانے پر بھی زور دیا ہے۔ فاٹا قومی جرگہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 25 ویں آئینی ترمیم 2018 کے ذریعے فاٹا کے انضمام پر قبائلی مشران اور انضمام مخالف تحریکوں کے تحفظات کو نظرانداز کیا گیا۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں جرگہ / سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے قبائلی عمائدین/ مشران ملک شیر محمد خان) مشر اتمان خیل (سید نظیر مہمند) بریگیڈیئر ریٹائرڈ (جعفر آدم خیل) مشر فاٹا قومی جرگہ (ملک انور اللہ آفریدی) ایڈووکیٹ (ودیگر کا کہنا تھا کہ جرگے کے مطابق قبائلی عوام طویل عرصے سے اپنی روایات، دستور، شناخت اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور ان کا موقف ہے کہ فاٹا کی آئینی حیثیت میں تبدیلی سے قبل قبائلی عوام کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے تھا۔

بقیہ 59

متحدہ میں تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر ترجمان دفتر خارجہ کی پوسٹ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور مشترکہ ترجیحات کے فروغ کے لیے باقاعدہ مشاورت اور قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 60

حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 61

مجموعی طور پر 11 افراد ہلاک اور 50 زخمی ہوئے ہیں۔ باسل نے اے ایف پی کو بتایا، "خان یونس کے مغرب میں المواسی کے علاقے میں بے گھر لوگوں کے کیمپ کو نشانہ بنانے والے اسرائیلی فضائی حملے میں ایک بچے سمیت تین افراد شہید ہوئے۔" جنوبی غزہ کے شہر خان یونس کے ناصر ہسپتال نے بھی تین اموات کی تصدیق کی ہے۔ ہسپتال نے کہا، "ان کی لاشیں اسرائیلی میزائل سے براہ راست مار کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی تھیں۔" ہسپتال نے مزید کہا کہ ایک بچے اور ایک خاتون سمیت کئی زخمی لوگ بھی علاج کے لیے آئے۔

بقیہ 62

مقدمے (دفعہ 302) میں عبوری ضمانت خارج ہونے کے بعد سیشن کورٹ کے احاطے سے گرفتار کیا گیا تھا۔ گرفتاری کے بعد انہیں عدالت میں پیش کیا گیا جہاں سے عدالت نے انہیں چار روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا تھا۔ پیر کو پولیس نے اصغر خان اچکزئی کو ریمانڈ کی مدت مکمل ہونے پر دوبارہ جوڈیشل مجسٹریٹ چمن کی عدالت میں پیش کیا اور مزید تفتیش کے لیے ریمانڈ کی استدعا کی جس پر عدالت نے اصغر خان اچکزئی کا مزید سات روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں پولیس کے حوالے کرنے کا حکم دیدیا ہے۔

بقیہ 63

حجم بہت زیادہ، صرف دکانداروں پر دباؤ ڈالنا ناکافی قرار دیدیا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی حکومتیں زرعی شعبے کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے رجسٹریشن میں ناکام ہو گئے، سال 26-2025 کے دوران زرعی شعبے میں ٹیکس گوشواروں کا ہدف پورا نہ ہو سکا۔ آئی ایم ایف نے زرعی شعبے میں ٹیکس چھوٹ، استثنی برقرار رکھنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے، آئی ایم ایف نے کم از کم 15 فیصد ٹیکس ٹو جی ڈی پی یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ عالمی ادارے نے صحت، تعلیم سمیت انسانی وسائل کی ترقی پر زیادہ وسائل خرچ کرنے کا مطالبہ کر دیا، پاکستان میں ٹیکس اصلاحات میں پیش رفت کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیدی۔ ذرائع وزارت خزانہ پاکستان گزشتہ کئی سال سے محدود ٹیکس ٹو جی ڈی پی میں پھنسا ہوا ہے۔

بقیہ 64

کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے یہ بات پیر کو یہاں پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا سے ملاقات میں کہی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، بینکاری روابط، اقتصادی تعاون، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی روابط سے متعلق معاملات زیر بحث آئے۔ ملاقات میں ایتھوپیا کے منسٹر کونسلر میلاو گیتاشیو اور سیاسی سفارت کاری کی انچارج کالکیڈان ٹیڈیسے بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ایتھوپیا کے اقتصادی ترقی کے تجربات کا تبادلہ کیا اور دونوں ممالک کے معاشی ڈھانچوں میں مماثلتوں کا ذکر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ ترقی کے لیے مقامی حالات اور ضروریات سے ہم آہنگ حکمت عملی اختیار کرنا اہم ہے۔

بقیہ 65

PA-501 بھی کوئٹہ پہنچ گئی۔ ایئر بلیو اب لاہور کے لیے ہفتہ وار تین اور اسلام آباد کے لیے دو پروازیں چلائے گی، جس سے کوئٹہ کے فضائی رابطوں اور مسافروں کی سفری سہولتوں میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 66

اور ایک نامعلوم شخص جاں بحق ہو گئے، جبکہ حبیب ولد محمد صادق زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق ابتدائی اطلاعات میں واقعے کی وجہ مالی تنازع بتائی گئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہاشم نامی شخص نے مبینہ طور پر دوسرے گروپ پر فائرنگ کی۔ تاہم واقعے کے تمام محرکات اور ذمہ داری کا تعین تحقیقات کے بعد ہی ہو سکے گا۔ ایدھی ذرائع کے مطابق دو جاں بحق افراد کی میتیں بولان میڈیکل کمپلیکس (بی ایم سی)

ہسپتال جبکہ ایک میت اور زخمی کو سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش پھیل گئی۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات اور پولیس کی جانب سے تحقیقات کی پیش رفت سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ 67

پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 6 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس اور ہسپتال ذرائع کے مطابق دونوں گروپوں کے درمیان اچانک فائرنگ کا تبادلہ شروع ہو گیا، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ فائرنگ کی زد میں آ کر طالب حسین ولد بشام نامی شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، جبکہ 6 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ زخمی ہونے والوں کی شناخت مختیار احمد، شبیر احمد، ندیم، نادر علی، مراد بخش اور بشام کے ناموں سے ہوئی ہے۔ واقعے کے فوری بعد لاش اور تمام زخمیوں کو ریسکیو اور پولیس کے ذریعے سول ہسپتال سبی منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں زخمیوں کو ہنگامی طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور لیویز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرا میں لے لیا تاکہ مزید کشیدگی کو روکا جا سکے۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے تلاش کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 68

عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع پشین میں فوری طور پر دفعہ 144 نافذ کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) اصغر ترین، اراکین صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا اور اسفندیار کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، کمشنر پشین ڈویژن، ڈی آئی جی پشین، ڈی پی او پشین سمیت متعلقہ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر پشین کے قبائلی عمائدین اور علماء کرام بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران متعلقہ حکام کی جانب سے ضلع پشین میں امن وامان کی موجودہ صورتحال، درپیش مسائل اور سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ شرکاء نے علاقے میں امن وامان کی بہتری اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشین سمیت صوبے بھر میں عوام کی جان و مال کا تحفظ اور امن وامان برقرار رکھنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پشین سمیت دیگر علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید سخت اور مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تحفظ اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں اور اس سلسلے میں باہمی رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ اجلاس میں ضلع پشین میں فوری طور پر دفعہ 144 نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی کہ امن وامان برقرار رکھنے اور جرائم کی روک تھام کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور پشین سمیت صوبے کے دیگر علاقوں میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 69

ہٹ دھرمی اور عوام دشمنی پر مبنی اقدامات کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کے چندوی آئی پی فیڈرز کو چھوڑ کر تمام آبادی والے علاقوں میں بجلی کی بندش، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج، ٹرانسفارمرز کی خرابی، ٹرپ ہونے، تاروں کے گرنے و دیگر بہانوں سے عوام کو اذیت سے دوچار کر رکھا گیا ہے۔ کیسکو کے ذیلی دفاتر میں عوام کے مسائل کو کوئی شنوائی نہیں ہوتی جبکہ کیسکو کمپنی کے بھاری بلوں نے عوام کی اس شدید مہنگائی میں کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کیسکو اپنی عوام دشمنی پر مبنی اقدامات کو ترک کرنے، ذیلی دفاتر کے عملے کے اخلاق و رویہ کو بہتر بنانے، دفاتر میں عوامی شکایات کا ازالہ کرنے، غیر ضروری لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں بصورت دیگر صورتحال میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ہر ذیلی دفاتر کے سامنے احتجاج پر مجبور ہوگی جس کی ذمہ داری کیسکو حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 70

کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات دیں۔ اس موقع پر سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم و صحت کے شعبوں کی بہتری اور ترقیاتی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی ضروریات کو ترجیح دینا اور پسماندہ علاقوں کی ترقی یقینی بنانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے۔ عوامی نمائندے کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے، ان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ حلقے میں عوامی خدمت اور ترقی کا عمل جاری رکھا جائے گا اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 71

زخمی کو مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ واقعے میں جاں بحق شخص کی شناخت شاہجان ولد کلی خان جان کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ زخمی نعیم کا تعلق دالبندین کی ظہور کالونی سے بتایا جاتا ہے۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 72

احد چیمہ کی زیر صدارت ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں ادویات کی قیمتوں سے متعلق زیر التوا کیسز اور موجودہ پرائسنگ فارمولے کا جائزہ لیا گیا۔ حکام نے اجلاس کو بتایا کہ ادویات کی قیمتوں سے متعلق زیر التوا کیسز کا کیس ٹو کیس جائزہ تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ سینیٹر احد چیمہ نے پیش رفت کو سراہا اور متعلقہ حکام سے کہا کہ ان کیسز کو مزید کارروائی کے لیے آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے کیسز کا جائزہ مکمل کرنے میں وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اور ڈریپ حکام کی کوششوں کو بھی سراہا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی تجویز کردہ ٹرائی ویلنٹ فلو ویکسین مارکیٹ میں وافر مقدار میں دستیاب ہے، ویکسین کی قیمتیں عالمی منڈی میں کنٹرول ہونے کے باعث ڈریپ نے اس سے متعلق ہارڈشپ کیس واپس لے لیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ ڈریپ ادویات کی قیمتوں کے موجودہ فارمولے کا جائزہ لے رہا ہے اور ایسی شقوں کی نشاندہی کر رہا ہے جو منصفانہ اور درست قیمتوں کے تعین میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ سینیٹر احد چیمہ نے ڈریپ سے کہا کہ ادویات کی قیمتوں سے متعلق ڈیٹا بیسز کی سبسکرپشنز خریدنے پر غور کیا جائے تاکہ قیمتوں کا زیادہ آزادانہ طور پر جائزہ لیا جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوام کو سہولت فراہم کرنا اولین ترجیح ہے اور جائز وجوہات کے بغیر قیمتوں میں اضافہ کسی صورت

قابل قبول نہیں۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے کہا کہ دیگر ممالک کے ساتھ قیمتوں کا موازنہ مفید معیار فراہم کر سکتا ہے، تاہم اس کے ساتھ آزادانہ جانچ اور توازن کے نظام کی بھی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ قیمتوں کا فارمولا عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے بنایا جائے اور درآمد کنندگان یا فارماسیوٹیکل شعبے کے لیے غیر ضروری رکاوٹیں پیدا نہیں کی جائیں گی۔ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک، سیکرٹری صحت مومن آغا، سی ای او ڈریپ ڈاکٹر عبیداللہ اور دیگر سینئر حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 73

ہوئے کیپٹن محمد صفدر نے کہا میں نے وزیر قانون کو میسج کیا کہ ایسے شخص کو سپریم کورٹ بار کے انتخابات میں کیوں کھڑا کیا، جس کی ڈگری جعلی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق کیپٹن صفدر نے کہا کہ ہم مشروط دستبرداری کیلئے تیار ہیں لیکن پہلے ڈگری دکھائیں، ہم اپنا امیدوار بھی واپس لیںگے اور معافی نامہ بھی دینگے۔ احسن بھون صاحب کو استعفیٰ دینا ہی دینا پڑے گا، اعظم نذیر تارڑ صاحب آپ کو بھی استعفیٰ دینا پڑے گا، ہم حافظ آباد اسکول آف ٹھاٹ کو نہیں چلنے دینگے۔ کیپٹن محمد صفدر نے کہا کہ احسن بھون جہاں پیش ہوگا ہمارے سو وکلا ڈگریوں کے ساتھ پیش ہونگے، ہم ہر عدالت میں جا کر کہیں گے احسن بھون سے ڈگری مانگی جائے، ہم منشیوں کے آگے نہیں لیٹیں گے، کفر کا نظام قائم رہ سکتا ہے ظلم کا نظام نہیں رہ سکتا، وکلا کو درخواست کرتا ہوں جہاد اب فرض ہو گیا ہے، کیم نومبر کے بعد احسن بھون کے خلاف پوری تحریک اٹھے گی، ہم اپنے سو وکلا کی ڈگریاں عدالت میں پیش کرینگے عدالت سے کہیں گے احسن بھون سے بھی ڈگری مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری عدالتوں اور ججز نے پاکستان کو کمزور کیا ہے، ڈن ہیں کے اربوں روپے امریکا، اور یورپ پہنچے ہیں، ساجد تارڑ امریکہ میں بیٹھ کر کیسے اربپتی بن گیا۔ میں اتنی دفعہ جیل گیا ہوں جیسے جیل مجھے جہیز میں ملی ہو، قانون اور آئین کی پاسداری ہر پاکستانی کا فرض ہے۔ کیپٹن محمد صفدر نے کہا کہ ایک وقت تھا بھگوان داس سپریم کورٹ کے جج تھے ان سے سب مطمئن تھے، آئین میں دو تہائی اکثریت کے ساتھ جمہوری ادارے ہی ترمیم کر سکتے ہیں۔ ہمیں اس ملک اور آئین کے لئے ابھی بہت قربانیاں دینی ہیں، ججز کی سلیکشن کے طریقہ کار میں ہم نے ایک عالم کو بھی بٹھانے کا مطالبہ کیا، ہمیں خدشہ ہے ہماری عدالتوں میں قادیانی نہ آ کر بیٹھ جائیں۔

بقیہ 74

علاقوں میں امن وامان کی صورتحال مکمل طور پر بہتر اور معمول کے مطابق ہے جبکہ شہر کے تمام تجارتی مراکز کھلے ہیں۔ فتنہ الہندوستان کی جانب سے گوادر شہر سے متعلق پھیلائے جانے والے گمراہ کن پروپیگنڈے کے برعکس زمینی حقائق سامنے آ چکے ہیں۔ بلوچستان کے عوام نے گوادر کے حالات سے متعلق سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی گمراہ کن اطلاعات کی تردید کر دی ہے۔ واضح رہے کہ گوادر میں معمولات زندگی متاثر ہونے سے متعلق فتنہ الہندوستان سوشل میڈیا پر بے بنیاد پروپیگنڈا پھیلانے میں مصروف ہے۔

بقیہ 75

پلاسٹک کور والی کتابیں فروخت کر رہی ہیں۔ شیری رحمان کے مطابق دکانداروں نے کہا کہ بائیوڈی گریڈ ایبل پلاسٹک ہے۔ اقبالیات کا تعلیمی اداروں میں فروغ کا بل سینیٹر زرقا سہروردی نے پیش کیا، جسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ بل تعلیمی اداروں میں علامہ اقبال کے فکر، فلسفے اور شاعری کے فروغ سے متعلق ہے، بل علامہ اقبال کا 150 واں یوم ولادت منانے کیلئے قانون وضع کرنے سے متعلق ہے۔

بقیہ 76

یہ اپیل اسلام آباد ہائی کورٹ کے 10 ستمبر کے حکمنامے کیخلاف دائر کی گئی ہے۔ ایڈووکیٹ فیصل صدیقی کے ذریعے دائر اپیل میں موقف اختیار کیا گیا کہ جرح کا موقع دیے بغیر ہی استغاثہ کے گواہان کے بیانات ریکارڈ کیے گئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے 19 اکتوبر کے حکمنامے میں ٹرائل کیخلاف عبوری ریلیف نہیں دیا۔ اپیل میں سپریم کورٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ ہائی کورٹ کے 19 اکتوبر کے حکمنامے کو کالعدم قرار دے کر ٹرائل کورٹ کو کارروائی سے روکا جائے۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائیکورٹ میں بیریئر ہٹانے کے خلاف کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جیل ٹرائل اور اسٹیٹ کونسل تعیناتی کے خلاف درخواست کی سماعت جسٹس انعام امین منہاس اور جسٹس شاہ رخ ارجمند نے سماعت کی۔ دوران سماعت ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جانب سے ریاست علی آزاد اور زینب جنجوعہ عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ انہوں نے مقف اختیار کیا کہ جیل ٹرائل کو عدالت کے سامنے چیلنج کر رکھا ہے۔ جسٹس انعام امین منہاس نے استفسار کیا کہ اس میں ایشو کیا تھا؟ کس کا اختیار ہے؟ کیا ملزم کہہ سکتا ہے کہ اس کا ٹرائل کہاں ہوگا؟ وکیل نے کہا کہ ملزم کو جیل ٹرائل کا فیصلہ کرنے سے پہلے سنا ضروری ہے۔ ہمارا جیل ٹرائل ایک پنجرے میں، جیل سے عدالت میں لائے جاتے ہیں۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کہا کہ وجہ کیا ہے وہ بتائیں، جس پر وکیل ریاست علی آزاد نے کہا کہ سمری ایس پی اسلام آباد پولیس کی جانب سے شروع ہوئی حتمی منظوری چیف کمشنر نے دی ہے۔ سمری شروع کرنے کا اختیار ایس پی کے پاس نہیں، وفاقی حکومت کو اختیار ہے۔

بقیہ 77

عدالت میں جمع کرائی گئی سیکرٹری داخلہ کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ علیمہ خان، عظمی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی میں مزید 30 روز کی توسیع کر دی گئی ہے۔ سرکاری وکیل کے مطابق ڈپٹی کمشنر نے پنجاب حکومت کو تینوں کی نظر بندی میں دوبارہ توسیع کی تجویز بھیجی جس پر حکومت نے نظر بندی میں 7 اکتوبر کو توسیع کی۔ اس موقع پر عدالت نے درخواست گزار کے وکیل سے کہا کہ نظری بندی کا نوٹیفکیشن ڈی سی نے جاری کیا، آپ نے درخواست میں ڈی سی کو فریق نہیں بنایا، آپ کو علم ہونا چاہیے عدالت آپ کی درخواست سے باہر جا کر کوئی آرڈر نہیں کر سکتی۔ بعد ازاں عدالت نے عدالت نے سیکرٹری داخلہ کی رپورٹ کی روشنی میں درخواست نمٹادی۔

بقیہ 78

گیا جس میں ملک بھر سے جید علمائے کرام، مشائخ عظام، مذہبی قائدین، طلبہ مدارس اور لاکھوں عشاقِ رسول ﷺ قافلہ در قافلہ شرکت کریں گے۔ کانفرنس کے مختلف اجلاسوں کی صدارت حافظ ناصر الدین خاکوانی، مولانا خواجہ عزیز احمد، مولانا خواجہ خلیل احمد اور دیگر اکابر مشائخ کریں گے۔

بقیہ 79

ایک بیان میں کہا ہے کہ مکہ معاہدے کے رکن ممالک خطے میں جاری کشیدگی کم کرنے کے لیے کی جانے والی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ان ممالک کا مقصد مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے علاقائی بحران کا حل تلاش کرنے کی کوششوں کو آگے بڑھانا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ایران کے ساتھ ملاقات اسی سفارتی عمل کا حصہ ہے، جس کے ذریعے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور تنازعات کے پرامن حل کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ یہ رابطے ایسے وقت میں ہو رہے ہیں جب خطے میں جاری تنازعات کے تناظر میں مختلف ممالک سفارتی کوششوں اور باہمی مذاکرات کے ذریعے صورتِ حال کو بہتر بنانے پر زور دے رہے ہیں۔

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نام پر پی ٹی آئی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، بیرسٹر گوہر

گورنر راج کے بعد سے کچھ پتا نہیں وزیر اعلیٰ کہاں ہیں، علیمہ خانم غیر سیاسی ہیں مگر پھر بھی ان کی نظربندی میں 30 روز کی توسیع کی گئی

ہمارے سپورٹرز کو گرفتار کیا جا رہا جبکہ چھاپے مارے جا رہے ہیں اس کے علاوہ خیبر پختونخوا میں پارٹی کے جھنڈے اتارے جا رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ گورنر راج کے بعد سے وزیر اعلیٰ کے پی کا کچھ پتہ نہیں جبکہ اس کی آڑ میں پی ٹی آئی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نفاذ کے نام پر ہمیں سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے گورنر راج لگایا ایمرجنسی نافذ کی جس کو ہم مسترد کرتے ہیں، دہشت گردی ختم ہونی چاہیے اس میں کوئی دو رائے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر

مری، شادی میں شرکت سے واپسی پر گاڑی کھائی میں جا گری، 7 افراد جاں بحق

گاڑی میں ایک ہی خاندان کے 14 افراد سوار تھے شادی میں شرکت کے بعد واپس جا رہے تھے

مری (این این آئی) مری میں گاڑی کھائی میں گرنے سے 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ مری کے علاقے بڑوھا لنک روڈ پر پیش آیا جہاں گاڑی کھائی میں جا گری۔ ریسکیو حکام کے مطابق کھائی میں گرنے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر

جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر وزیر اعلیٰ کا اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک ممتاز عسکری شخصیت تھے جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، قائدانہ بصیرت اور خدمات کے ذریعے پاک فوج اور ملک و قوم کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کی عسکری خدمات اور قومی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں ان کا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر

وزیر اعظم کو ایک کلو سونا، اسحاق ڈار کو سب سے زیادہ تحائف ملے، توشہ خانہ کا ریکارڈ جاری

صدر زرداری، عطاء تارڑ، شزا فاطمہ، حنیف عباسی اور احد چیمہ بھی تحائف لینے والوں میں شامل ہیں، کابینہ ڈویژن

اسلام آباد (آئی این پی) کابینہ ڈویژن نے توشہ خانہ کا جولائی تا ستمبر کا ریکارڈ جاری کر دیا۔ صدر، وزیر اعظم سمیت کئی حکومتی شخصیات کو قیمتی تحائف ملے۔ کابینہ ڈویژن کے اعلامیے کے مطابق تمام تحائف کابینہ ڈویژن کے سپرد کیے گئے ہیں جن کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے پانچویں سینٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسٹیٹ بینک نے شرح سود ساڑھے 11 سے بڑھا کر 12 فیصد کر دی

بیرونی کھاتے پر گلوبل کموڈٹی اور آئل پرائسز سے دباؤ آیا، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے اہداف پر بھی فرق پڑے گا، خسارہ جی ڈی پی کے ایک فیصد تک رہنے کی توقع

ایران امریکا جنگ کے نتیجے میں توانائی کی قیمتوں پر اثر آیا، خام تیل کا 100 ڈالر بیرل پر رہنے سے افراطِ زر پر دباؤ آیا' گورنر اسٹیٹ بینک کی میڈیا بریفنگ

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے شرح سود ساڑھے 11 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد کر دی۔ مرکزی بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر

پنجگور، پسکول ندی کے قریب نامعلوم نوجوان کی گولی لگی لاش برآمد

شناخت کے لیے لاش ٹیچنگ ہسپتال منتقل، پولیس کی جانب سے قانونی کارروائی اور تفتیش کا آغاز

پنجگور (یو این اے) ضلع پنجگور کے علاقے پسکول ندی کے قریب سے ایک نامعلوم نوجوان کی گولی لگی لاش برآمد ہوئی ہے، جس کے بعد علاقے میں

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر

جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

بلوچستان امن محبت رواداری اور پیار کا صوبہ ہے' حافظ طاہر اشرفی

آئین پاکستان ایک دوسرے کے مذاہب و مسالک کے احترام کا پیغام دیتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر حافظ طاہر اشرفی نے میتھوڈسٹ چرچ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر حافظ طاہر اشرفی میتھوڈسٹ چرچ کے دورے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کی ایتھوپیا کے سفیر سے ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال

باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ایتھوپیا کے ساتھ اقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے اور باہمی دلچسپی

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سمر آٹومیشن کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ میں اسرائیلی حملے میں بچے سمیت تین افراد شہید

لاشیں اسرائیلی میزائل سے براہ راست مار کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی تھیں، ہسپتال ذرائع

غزہ (آن لائن) جنوبی غزہ کی پٹی میں بے گھر افراد کے کیمپ پر اسرائیلی فضائی حملے میں ایک بچہ سمیت تین فلسطینی مارے گئے۔ شہری دفاع کے ترجمان محمود باسل نے کہا کہ غزہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی فائرنگ اور فضائی حملوں میں

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

اسحاق ڈار کا بحرین کے وزیر خارجہ سے ٹیلی فونک رابطہ

مشترکہ ترجیحات کے فروغ کے لیے باقاعدہ مشاورت اور قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی جس میں پاکستان اور بحرین کے قریبی برادرانہ تعلقات اور کثیر الجہتی فورمز بالخصوص اقوام

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

فاٹا کی آئینی حیثیت کی بحالی کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے، قبائلی قومی جرگہ

فاٹا کی انتظامی تبدیلیوں کا خیر مقدم، ایف آر کوہاٹ اور ایف آر پشاور کو مشاورتی کونسل میں شامل کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) فاٹا قومی جرگہ اور فاٹا سپریم کونسل نے فاٹا میں حالیہ انتظامی تبدیلیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ قبائلی عوام کی

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں' سیکرٹری تعلیم

بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے حکومتی اداروں، بین الاقوامی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کو مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) سیکریٹری تعلیم بلوچستان لعل جان جعفر نے کہا ہے کہ تعلیم، صحت، غذائیت اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے مشترکہ کوششیں

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کا وفاق سے پہلا رابطہ

علی امین گنڈا پور نے پارلیمانی پارٹی کی ہدایات پر وفاق سے رابطہ کر لیا، ذرائع پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کا وفاق سے پہلا رابطہ ہوا۔ ذرائع پی ٹی آئی کے مطابق سابق وزیر اعلیٰ

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

آئی ایم ایف کا پاکستان میں معاشی اصلاحات میں تاخیر پر تحفظات کا اظہار

عالمی ادارہ زرعی آمدن پر ٹیکس، ری ٹیلرز کو نیٹ میں لانے میں سست روی پر ناخوش ہے غیر رسمی معیشت کا حجم بہت زیادہ، صرف دکانداروں پر دباؤ ڈالنا ناکافی قرار

صوبائی حکومتیں زرعی شعبے کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے رجسٹریشن میں ناکام ہوگئے، سال 2025-26 کے دوران زرعی شعبے میں ٹیکس گوشواروں کا ہدف پورا نہ ہو سکا

جنیوا (نیوز ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں بعض معاشی اصلاحات میں تاخیر پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق عالمی ادارہ زرعی آمدن پر ٹیکس، ری ٹیلرز کو نیٹ میں لانے میں سست روی پر ناخوش ہے، ملک میں غیر رسمی معیشت کا

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

چمن، عدالت نے اصغر خان اچکزئی کا مزید سات روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا

چمن (آئی این پی) جوڈیشل مجسٹریٹ چمن کی عدالت نے عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو مزید سات روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کرنے کا حکم دیدیا ہے۔ یاد رہے تفصیلات کے مطابق اصغر خان اچکزئی کو گزشتہ روز قتل کے

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

بولان کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی اور موٹر سائیکل میں تصادم میں ایک شخص ہلاک ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) بولان کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی اور موٹر سائیکل میں تصادم میں ایک شخص ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بولان کے علاقے لکھمئی کے مقام پر تیز رفتار کار اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نیاز محمد ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

ایئر بلیو کی لاہور سے پہلی پرواز کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچ گئی

واٹر کینن سیلوٹ سے استقبال' ایئر بلیو ہفتہ وار لاہور کے لیے تین اور اسلام آباد کے لیے دو پروازیں چلائے گی

کوئٹہ (آئی این پی) ایئر بلیو کی لاہور سے پہلی پرواز PA-503 کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچ گئی، جہاں ایئرپورٹ منیجر، چیف سیکیورٹی آفیسر (سی ایس او) اور ایئر بلیو کے ڈائریکٹر آپریشنز نے مسافروں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی جبکہ پرواز کو واٹر کینن سیلوٹ بھی پیش کیا گیا۔ اسلام آباد سے ایئر بلیو کی پرواز

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

کوئٹہ' پوڈگلی چوک کے قریب فائرنگ، تین افراد جاں بحق، ایک زخمی

مالی تنازع پر فائرنگ کا واقعہ، دو میتیں بی ایم سی جبکہ ایک میت اور زخمی سول ہسپتال منتقل

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ پر پوڈگلی چوک کے قریب فائرنگ کے واقعے میں تین افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ واقعے کے بعد لاشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ایدھی ایمرجنسی سروس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ 25 اکتوبر 2026 کو پوڈگلی چوک کے قریب پیش آیا، جس کے نتیجے میں صادق ولد محمد صدیق، باسط ولد محمد صدیق

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر



کوئٹہ اسمبلی اجلاس کے دوران یونس عزیز زہری اور مولانا ہدایت الرحمان کے درمیان تلخ کلامی کا منظر

ضلع پشین میں دفعہ 144 نافذ کرنے کا فیصلہ، عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، میر ضیاء لانگو

پشین سمیت صوبے کے دیگر علاقوں میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں، صوبائی وزیر داخلہ کی زیر صدارت پشین میں امن و امان سے متعلق اجلاس میں فیصلہ

پشین (آئی این پی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی زیر صدارت ضلع پشین میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

سبی، لونی روڈ پر ڈومکی برادری کے دو گروپوں میں خونریز تصادم

فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، 6 شدید زخمی' پولیس کی بھاری نفری تعینات

سبی (یو این اے) ضلع سبی میں ست مرحلہ لونی روڈ پر ڈومکی برادری کے دو مسلح گروپوں کے درمیان پرانی رنجش کے باعث خونریز تصادم اور فائرنگ کا واقعہ

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

بجلی کی لوڈشیڈنگ و کیسکو کی عوام دشمنی قابل مذمت ہے، پشتونخوا میپ

چندوی آئی پی فیڈرز کو چھوڑ کر تمام آبادی والے علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عوام پر مسلط کی گئی ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ شہر میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور ہر علاقے میں کیسکو انتظامیہ کی

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

پسماندہ علاقوں کی ترقی یقینی بنانا اہم ترجیحات میں شامل ہے' کوہیار خان ڈومکی

پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے

لہڑی (خ ن) صوبائی وزیر برائے انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے ڈومکی ہاؤس لہڑی میں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے عوام سے ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل و شکایات سنے۔ اس موقع پر انہوں نے بعض مسائل

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاغاسی
پرنٹر پبلشر شاغاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز نب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زینب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705

